دعویٰ: استقرار حق' عنوان: رشید احمد وغیرہ بنام عوام الناس' رشید احمد ولد عبدالحمید، شفیق احمد، ولد عبدالحمید، شبیر احمد ولد عبدالحمید، ادریس احمد، ولد عبدالحمید، شازیہ بٹ دختر عبدالحمید، نجمہ پروین دختر عبدالحمید ساکنان سراج پارک 9 شاہدرہ ٹاؤن لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 03-02-2025 اصالتاً وا کالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ایس ایچ او تھانہ کسووال نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار کرلیا

چیچہ وطنی (نامہ نگار) ایس ایچ او تھانہ کسووال نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے 4 عدد بندوق، 3 عدد پسٹل برآمد، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان کی زیر قیادت ایس ڈی پی او چیچہ وطنی سرکل تاثیر ریاض کی زیر نگرانی پولیس تھانہ کسووال کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کاروائیاں جاری، ایس ایچ او تھانہ کسووال سب انسپکٹر ذیشان بشیر اور اے ایس آئی رئیس احمد نے ہمراہ ٹیم کاروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 4 عدد بندوقیں اور 3 عدد پسٹل برآمد کر لیے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

محبّ النبی فریدی کا مفتی کورس مکمل

چیچہ وطنی (نامہ نگار) علامہ محب النبی فریدی نے مفتی کورس مکمل کرلیا، مولانا مفتی محبّ النبی فریدی کا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ میں نے 2014 میں درس نظامی عالم کورس شروع کیا جو کہ 2023 میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ یہ سب میرے ماں باپ، اساتذہ اور اہل دیہہ کی دعاوں کا صلہ ہے۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب تحصیل و ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3486 مورخہ 24-10-24 سال 2024ء۔ زیر دفعہ 6 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961۔ عنوان مقدمہ۔ ڈگری تنسیخ نکاح۔ فریق اول۔ منتہیٰ عروج دختر فلک شیر قوم بلوچ ساکن محلہ نئی آبادی آرائیانوالہ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ فریق دوئم۔ نواب سلطان ولد محمد رمضان قوم ساکن جیون پورہ خورد، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں فریق دوئم کو بذریعہ ڈاک نوٹس طلب کیا گیا تھا مگر آپ دفتر بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر نہ آئے ہیں۔ اب فریق دوئم کو بذریعہ اخبار اشتہار پابند کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 30-01-2025 کو بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر ہوکر اپنا بیان قلمبند کروائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور ڈگری کی توثیق کردی جائیگی۔ بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احمد خان چٹھہ صاحب
سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 46/3 مورخہ 21-01-25 سال 2025ء۔ درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ عنوان مقدمہ۔ عبدالرشید بنام عوام الناس وغیرہ۔ پتہ سائل۔ عبدالرشید ولد مرج خاں ذات راجپوت ساکن محلہ فاروق نگر، بھدرو روڈ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) عوام الناس (2) نگینہ بی بی بیوہ محمد فاروق ذات راجپوت ساکن محلہ فاروق نگر، بھدرو روڈ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 01-02-2025 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

حافظ طلحہ، اویس بوبک کی بھنڈر کبڈی کلب لاہوریاں والا میں شمولیت

چیچہ وطنی (نامہ نگار) بھنڈر کبڈی کلب L-11/7 لاہوریاں والا میں حافظ طلحہ، اویس بوبک نے شمولیت اختیار کرتے ہوئے شاہد بھنڈر کی شاگردی اختیار کر لی، اس موقع پر صدر چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری فیاض حسن کمبوہ، صدر مرکزی انجمن تاجران حقیقی تحصیل چیچہ وطنی چوہدری شہباز حسین کمبوہ، جنرل سیکرٹری حاجی غلام مرتضیٰ، سابقہ کبڈی پلیئر کالا پستولی، کوچ اصغر علی عرف پپو، ہیڈ کوچ محمد شفیق، کوچ طارق علی، پروموٹر ضامن بلوچ، ثمر جٹ، راشد جٹ، صدر بھنڈری کبڈی کلب رانا عبداللہ خاں آف یوکے، منشی حمید، نومی بھنڈر، پروموٹر حاجی شاہد کمبوہ، پروموٹر سیٹھ محمد امین، پروموٹر ملک عمران، پروموٹر مظفر بھنڈر آف یو ایس اے، پروموٹر وقاص رندھاوا آف حاصلپور، پروموٹر عابد سکھیرا، پروموٹر مصطفیٰ سکھیرا' علی بھنڈر آف ملتان ودیگر موجود تھے۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب تحصیل و ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3520 مورخہ 08-11-24 سال 2024ء۔ زیر دفعہ 6 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961۔ عنوان مقدمہ۔ ڈگری تنسیخ نکاح۔ فریق اول۔ اقصیٰ لطیف دختر محمد لطیف قوم جٹ ساکن شریف کالونی، سرگودھا روڈ، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ فریق دوئم۔ طارق محمود ولد محمد اسلم قوم جٹ ساکن محلہ رسول ٹاؤن، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں فریق دوئم کو بذریعہ ڈاک نوٹس طلب کیا گیا تھا مگر آپ دفتر بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر نہ آئے ہیں۔ اب فریق دوئم کو بذریعہ اخبار اشتہار پابند کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 13-02-2025 کو بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر ہوکر اپنا بیان قلمبند کروائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور ڈگری کی توثیق کردی جائیگی۔ بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب تحصیل و ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3516 مورخہ 06-11-24 سال 2024ء۔ زیر دفعہ 6 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961۔ عنوان مقدمہ۔ ڈگری تنسیخ نکاح۔ فریق اول۔ شازیہ بی بی دختر احمد دین قوم رحمانی ساکن مکان نمبر 5، گلی نمبر 1، محلہ حبیب کالونی، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ فریق دوئم۔ محمد مکی ولد فضل دین قوم رحمانی ساکن صدر بازار خان پور، تحصیل و ضلع رحیم یار خان۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں فریق دوئم کو بذریعہ ڈاک نوٹس طلب کیا گیا تھا مگر آپ دفتر بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر نہ آئے ہیں۔ اب فریق دوئم کو بذریعہ اخبار اشتہار پابند کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 13-02-2025 کو بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر ہوکر اپنا بیان قلمبند کروائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور ڈگری کی توثیق کردی جائیگی۔ بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب امان اللہ جوئیہ صاحب نائب تحصیلدار تحصیل جھنگ

عنوان مقدمہ: سلطان محمود بنام محمد صدیق وغیرہ۔ درخواست علیحدگی قبضہ بذریعہ تقسیم کھاتہ نمبر 27 رقبہ تعدادی 779K-14M واقع موضع کوٹ خوشحال تحصیل و ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام اللہ بخش ولد اللہ دتہ، قیصر عباس ولد محمد یوسف اقوام ارائیں، پھاپاں بیوہ ذوالفقار جٹ لالی، غلام علی ولد جلال قوم اعوان، محمد اشرف ولد اللہ دتہ، کنیز فاطمہ دختر محمد بخش ارائیں، عتیق الرحمٰن ولد محمد امان اللہ اعوان، شوکت حیات ولد محمد حیات مسلم شیخ، مظہر علی ولد علی محمد، ارشد عباس ولد محمد یوسف، آفتاب حسین ولد محمد حسین گاذر، محمد ریاض ولد نور محمد، زرینہ بی بی دختر محمد بخش، قیصر عباس ولد محمد امان اللہ، امام بخش ولد محمد رمضان اقوام ارائیں، محمد یوسف ولد علی محمد، محمد حسین ولد محمد ماہی قوم گاذر، عزیز بی بی دختر محمد بخش، طالعاں بی بی زوجہ محمد رمضان قوم ارائیں، سرفراز ولد شیر محمد مسلم شیخ، فیضاں بی بی دختر محمد بخش، ارشد عباس ولد محمد ریاض، رضیہ بی بی دختر محمد بخش، محمد بخش، امیر خالد ولد احمد بخش، محمد رمضان ولد احمد بخش اقوام ارائیں، محمد حفیظ متوفی بقائمی وارثان محمد امان اللہ، کفایت اللہ، احسان اللہ، عبیداللہ پسران محمد حفیظ اقوام اعوان، محمد ریاض ولد محمد حیات قوم مسلم شیخ، سلطان علی ولد جلال، عزیز الرحمٰن ولد امان اللہ اقوام اعوان، غلام عباس ولد محمد رمضان، شیر محمد۔ ولد عطاء محمد اقوام ارائیں، اشفاق حسین ولد محمد حسین قوم گاذر، حبیب الرحمٰن ولد عبدالرحمٰن اعوان، محمد نصر اللہ ولد سلطان محمود ارائیں، محمد خالد ولد احمد بخش، فیصل عباس ولد محمد یوسف، شیر محمد ولد اللہ دتہ اقوام رائیں، محمد رمضان ولد ذوالفقار، ممتاز حسین ولد ذوالفقار اقوام جٹ لالی، غلام علی ولد اللہ بخش ارائیں، کلثوم دختر ذوالفقار قوم جٹ لالی، منظور احمد ولد اللہ دتہ، محمد سرفراز ولد بہادر علی، ظفر علی ولد علی محمد اقوام ارائیں، نسیم دختر ذوالفقار قوم جٹ لالی، فاروق احمد ولد علی محمد ارائیں، اقلیماں بی بی بیوہ محمد امان اللہ، اللہ جوائی والدہ کفایت اللہ چنیس اقوام اعوان، ظفر عباس ولد ذوالفقار قوم جٹ لالی، آسیہ بی بی دختر محمد بخش، عمر دراز ولد بہادر علی، محمد حیات ولد محمد رمضان، امیر علی ولد علی محمد، اللہ دتہ ولد محمد یوسف اقوام ارائیں، خلیل حسین ولد محمد حسین خالد قوم گاذر، کوثر بی بی دختر محمد حسین ارائیں، عبداللہ ولد محمد حفیظ اعوان، غلام عباس ولد سلطان، فاروق احمد ولد محمد بخش، محمد نواز ولد کبیر، محمد اکبر ولد اللہ دتہ اقوام ارائیں، شمیم دختر ذوالفقار قوم جٹ لالی، ظہور احمد ولد اللہ دتہ، محمد سرفراز، جاوید اقبال پسران بہادر علی، محمد یوسف ولد احمد، زینت بی بی دختر محمد بخش، امیر بخش ولد محمد رمضان، محمد رمضان ولد ولی محمد، عمر حیات ولد محمد رمضان، صاباں زوجہ محمد بخش اقوام ارائیں، شکیل احمد ولد محمد حسین خالد قوم گاذر، امان اللہ ولد سلطان محمود ارائیں، شفیق الرحمٰن ولد امان اللہ اعوان، اللہ دتہ ولد سلطان قوم ارائیں، اسحاق، محمد عبداللہ، اشفاق احمد پسران عبیداللہ اقوام اعوان، محمد عبیداللہ ولد سلطان محمود، ارشد عباس ولد ریاض قوم ارائیں، خاتون زوجہ اعجاز حسین، کلثوم بی بی دختر ذوالفقار اقوام جٹ لالی، شوکت حیات ولد نواز خان قوم بلوچ گادھی سکنائے موضع کوٹ خوشحال تحصیل و ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم بتقرر 28.01.2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل اٹھارہ ہزاری ضلع جھنگ

عنوان مقدمہ: کنیز فاطمہ بنام غلام حسین وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 136 کل رقبہ 329K-8M واقع موضع بستی سلطان لشاری تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ۔ اخبار اشتہار بنام غلام حسین، ولد غلام محمد خان قوم بلوچ لشاری، سکندر خان ولد غلام حسین، غلام حسین ولد اللہ بخش اقوام بلوچ لشاری، عامر شہزاد ولد قلندر خان، ریاض حسین ولد اللہ دتہ، عمر شہزاد ولد قلندر علی اقوام بلوچ لشاری، محمد رمضان خان ولد نذر حسین قوم باری بلوچ، محمد ہاشم ولد غلام حسین بلوچ لشاری، دوست محمد ولد اللہ دتہ بھنڈ بلوچ، غلام محمد، ولد اللہ بخش، قلندر خان ولد غلام حسین اقوام لشاری، مجاہد عباس خان ولد محمد انور خان، بشریٰ پروین دختر فلک شیر خان، محمد نصر اللہ خان ولد محمد انور خان، صغریٰ مائی دختر محمد حیات، اعجاز حسین ولد محمد نواز، محمد نواز ولد افضل خان، حاجرہ بی بی زوجہ ہاشم خان، امیر فاطمہ دختر لال خان، زرینہ دختر احمد خان، حاکم علی، ولد جلال، شارع عام بذریعہ اے سی صاحب، سیف اللہ خان ولد محمد عبداللہ خان، محمد صفدر ولد اللہ دتہ، حضور محمد عرف ظہور احمد خان ولد خدا بخش، محمد رمضان ولد اللہ دتہ قوم کلاسن، غلام عباس ولد لال خان بلوچ لشاری، خدا بخش ولد جلال بلوچ بھنڈ، محمد الیاس ولد ریاض حسین بلوچ، محمد شہباز ولد ریاض حسین، محمد رمضان ولد اللہ دتہ، ناصر خان ولد امیر خان، محمد عارف خان ولد احمد خان، محمد عارف ولد محمد رمضان قوم چدھڑ، محمد عبداللہ خان ولد خدا بخش خان قوم بلوچ، غلام فاطمہ زوجہ خادم حسین، محمد منظور خان ولد افضل خان، دوست محمد ولد اللہ دتہ، ہتھوا ز ولد لال خان اقوام بلوچ لشاری، محمد نواز ولد محمد حیات بلوچ بطانی، ممتاز حسین ولد محمد نواز خان قوم لشاری، محمد رمضان ولد فدا حسین لشاری، محمد الیاس ولد محمد حیات قوم بطانی، غلام جابر خان ولد لال خان لشاری، محمد ریاض ولد محمد حیات بلوچ بطانی، غوث محمد خان ولد اللہ دتہ، غلام جعفر ولد لال خان، غلام محمد ولد خدا بخش اقوام لشاری، مسرت پروین زوجہ عابد حسین خان، محمد حسین ولد اللہ دتہ، راجن مائی دختر محمد حیات، ارشاد حسین ولد محمد نواز خان، نسرین دختر احمد خان، عصمت اللہ خان ولد محمد عبداللہ خان، عبدالمجید خان ولد احمد خان، محمد اعجاز حسین ولد ریاض حسین، محمد علی ولد غلام نبی قوم کھوکھر، امجد علی ولد نور احمد، طارق علی ولد نور احمد اقوام کھوکھر، محمد احسن ولد احمد خان، محمد انور ولد امیر خان، محمد اسلم ولد امیر خان، محمد مظفر خان ولد امیر خان، محمد ظفر ولد احمد خان، طاہر علی ولد نور احمد قوم کھوکھر، اظہر خان ولد غلام فرید خان، ارشاد حسین ولد محمد حسین خان، سہیل عباس ولد محمد اقبال قوم دھرکھان، محمد ظفر خان ولد محمد اقبال، عدیل حسن ولد محمد اقبال اقوام بلوچ لشاری، حلیمہ بی بی زوجہ محمد ارشد خان دختر محمد حسین خان، اختر خان ولد غلام فرید خان قوم بطانی بلوچ، محمد انور ولد غلام فرید خان، محمد ظفر خان ولد غلام فرید خان اقوام بطانی بلوچ، محمد عباس ولد محمد اقبال قوم دھرکان، صبغت اللہ ولد محمد ظفر قوم لشاری، حمیرا بی بی زوجہ تصور عباس خان دختر محمد ظفر، قرۃ العین، رابعہ بی بی، سعیدیہ بی بی دختران محمد ظفر قوم بلوچ لشاری، نسرین بیوہ محمد ظفر خان، عصمت اللہ حیدری ولد محمد ظفر، کنیز فاطمہ زوجہ محمد انور خان قوم بلوچ، محمد عمران ولد عبدالمجید قوم بلوچ، تصور عباس ولد محمد انور، محمد مصور عباس ولد محمد انور قوم بلوچ لشاری سکنائے موضع بستی سلطان لشاری تحصیل 18 ہزاری ضلع جھنگ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم بتقرر 29.01.2025 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 1

کے بعد ڈاکو با آسانی فرار ہوگئے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور تحقیقات شروع کر دی ہیں دکاندار کا کہنا ہے کہ ڈاکوؤں کے پاس جدید اسلحہ تھا اور انہوں نے کسی کو نقصان پہنچائے بغیر واردات انجام دی، لیکن عملے کو شدید ذہنی دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ پولیس نے سی ٹی وی فوٹیجز کی مدد سے ڈاکوؤں کی شناخت کرنے کی کوششیں شروع کر دی ہیں اور جلد ملزمان کی گرفتاری کا دعویٰ کیا ہے۔ شہری حلقوں میں بڑھتی ہوئی اس طرح کی وارداتوں پر تشویش پائی جاتی ہے اور عوام نے ڈی پی او ننکانہ اور پنجاب حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سکیورٹی کے انتظامات کو بہتر بنائے تاکہ شہریوں کی جان و مال محفوظ رہ سکے۔

بقیہ 2

انعام خداوندی والی رات ہے معراج حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ سے ہم کلام ہوئے محسن انسانیت آقا دو جہاں محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدا تعالیٰ سے ملاقات کر کے اللہ سے اُمت کے لیے نماز کا عظیم الشان تحفہ وصول فرمایا تاکہ انسان اللہ سے ہم کلام ہو سکے نماز مومن کی معراج ہے کامیابی کی کنجی ہے قیام الصلوۃ فرض ادائیگی اللہ کی رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اس کا اہتمام کریں اسی میں راہ ہے۔

بقیہ 3

الف یہود و نصاریٰ کے سود خوروں کے ادارے ملکوں کو قرضے دیکر غلام بنا ہے، حکمران کشکول توڑ دیں، دیانت و امانت کو عملی شکل دی جائے، حکمران اسلام کے زکواۃ و عشر کا نظام قائم کریں قرضوں اور سودی معیشت سے تائب ہو کر خود انحصاری کا راستہ اختیار کریں، قرآن حکیم میں حکم ہے کہ اللہ کریم سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے۔

بقیہ 4

رابطہ کار اور مشیر خدمات انجام دیں گے۔ دونوں وزارتوں کی جانب سے مصطفیٰ ملک کی تعیناتی کے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر برائے مذہبی امور چودھری سالک کا کہنا ہے کہ مصطفیٰ ملک کی تقرری سے پارٹی ورکروں کے مسائل حل کرنے میں مدد ملی، مصطفیٰ ملک کی تقرری وزارتی امور میں بھی مدد دے گی۔ چودھری سالک کا کہنا تھا کہ وزارتیں پارٹی اور قوم کی امانت ہیں، ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 5

زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زہروں کا سپرے کریں۔ بیج کیلئے آلو کی مخصوص فصل کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔ وائرس سے متاثرہ اور دوسری اقسام کے پودوں کو احتیاط سے اُکھاڑ کر زمین میں گڑھا کھود کر دبا دیں۔ اچھی طرح تیار فصل کی برداشت کریں اور ایسا کرتے وقت احتیاط ملحوظ خاطر رکھیں کہ آلو پر زخم نہ آئے۔

بقیہ 6

ہونیوالی منشیات علاقہ تھانہ صدر ننکانہ اور گردونواح میں فروخت کرنی تھی جسکو تھانہ صدر ننکانہ پولیس نے ناکام بنادیا۔ ڈی پی او ننکانہ نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر ننکانہ تصور منیر اور انکی ہمراہی ٹیم میں شامل ASI شکیل ڈوگر انچارج چوکی کنسٹیبل محمد شہباز شہید، ASI اسماعیل ڈوگر اور ہمراہی ٹیم کو شاباش دی ہے۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کا کہنا ہے کہ نوجوان نسل کی رگوں میں نشے کا زہر گھولنے والے ناقابل معافی ہیں۔ ننکانہ پولیس منشیات فروشوں اور منشیات فروشی کے اڈوں کا قلع قمع کرنے میں دن رات مصروف عمل ہے۔

بقیہ 7

قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ترمیمی ایکٹ آزاد صحافت پر پابندی کی شروعات ہے یہ ڈیجیٹل میڈیا تک محدود نہیں رہیگا۔ اسے اصل میں پرنٹ اور الیکٹرونک کو دبانے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ دنیا آزادی اظہار رائے کی جانب گامزن ہے لیکن یہاں آزادی رائے کو چھینا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی بالادستی، جمہوریت کی آزادی میں صحافت کا ایک کردار ہے جب تک آزادی اظہار رائے نہیں ہوگی تو نہ صرف میڈیا بلکہ پارلیمنٹ اور عدلیہ کی آزادی بھی سلب ہو جائے گی۔

بقیہ 8

نوازا اور ان کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا، انجم رضوان چیمہ نے میڈل ملنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس کی قیادت میں اسی طرح جرائم پیشہ اور قانون شکن افراد کے خلاف اپنا کردار ادا کرتے ہیں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید ندیم عباس سمیت ضلعی پولیس کے افسران اور دوست احباب نے انجم رضوان چیمہ کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 9

سی ایم ای اے کے وفد کو مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ علاوہ ازیں اپنے بیان میں وائس چیئرمین ریاض احمد اور عثمان اشرف نے کہا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو اس وقت حکومتی معاونت اور سرپرستی کی اشد ضرورت ہے۔ طورخم بارڈر کا مسئلہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کے لئے بے پناہ مشکلات کا باعث ہے، جزوی تیار خام مال کی افغانستان سے واپسی میں مہینوں کی تاخیر ہو رہی ہے جبکہ پاکستان آمد کے بعد حتمی تیاری میں بھی کئی مراحل ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے مینوفیکچررز برآمدی آرڈرز بروقت مکمل کر پا رہے ہیں اور نہ ہی ان کی طے شدہ معاہدوں کے مطابق ترسیل ہو رہی ہے، جس کے برآمدات اور زرمبادلہ کے حصول پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامید ہیں کہ ایف بی آر کے افسران ہماری گزارشات کو سنیں گے اور مشکلات کے حل کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 10

اور اس کے ماتحت کالم نمبر 4 میں موجود اداروں کو اب تبدیل کر کے منسٹری کامرس، صنعت و تجارت، سکلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت کر دیا گیا، درج ذیل ادارے سکلز، فنی تعلیم، ٹیکنیکل ایجوکیشن اور ملازمت فراہم کرنے میں سروسز اینڈ جنرل ڈیپارٹمنٹ ونگ میں منسٹری کامرس صنعت و تجارت اور سکلز ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت تا حکم ثانی پہلے سے موجودہ قوانین اور رولز کے مطابق کام کرتے رہیں گے۔ پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، آرڈیننس 1962، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل، 1998، پنجاب ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی 2010، پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی 2019، بظاہر ترامیم اس بات کی عکاسی کر رہی ہیں کہ آئندہ سے Consolidated Budget تمام کالم 4 اداروں کو ملے گا پنجاب بزنس رولز کی کلاز 36B کے تمام اداروں کیلئے گورنمنٹ قوانین یکساں لاگو ہوں گے جس کے لئے قانون سازی اور رولز سازی کے لئے وقت لگے گا۔ البتہ تمام اداروں کا مقصد ٹرینیز کو ملازمت اور فنی تعلیم میں پروموٹ کرنے اور جدید طرز کی مارکیٹ ویلیو کے مطابق تعلیم دینا ہے اس موقع پر صدر اپیوا پنجاب کی جانب سے تمام ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ملازمین یونین ممبرز کو مبارکباد پیش کی گئی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 11

طور پر فٹ پاتھ خالی کروانا یا کسی غریب کا سامان اٹھا کر لیجانا معمولی بات ہے بڑے بڑے ہوٹل یا دکانداروں کو پوچھنے کی جسارت بھی نہیں کرتے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے ناجائز تجاوزات کو ختم کروانے کی اپیل کی۔

بقیہ 12

کی ہے۔ انہوں نے کہا پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جس نے جمہوریت کی بحالی کے لئے قربانیاں دی ہیں شہید ذوالفقار علی بھٹو، محترمہ بینظیر بھٹو کے عوام کی خدمت کے منشور کو بلاول بھٹو زرداری مکمل کریں گے۔ انہوں کہا کچھ سیاسی جماعت ملک میں انتشار کی سیاست کو جنم دی رہی ہیں عوام ان سیاست دانوں کو مکمل رد کر چکی ہے۔

بقیہ 13

معاونت کرنا ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مارکیٹنگ کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نجم مزاری نے کہا کہ اگر پاکستان نے 100 ارب ڈالر برآمدات کا ہدف حاصل کرنا ہے تو صرف روایتی مصنوعات کی برآمدات پر اکتفا کرنے کی بجائے اس فہرست میں اضافہ کرنا ہوگا۔

بقیہ 14

دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئے، غسل خانے میں لگے گیس سلنڈر سے لیکج کے باعث دونوں بے ہوشی کی حالت میں ملے، جنہیں انہیں ہسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 15

خالد محمود اور ڈاکٹر صائمہ ظفر اور دیگر عملہ کے ہمراہ ان کا استقبال کیا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی، رکن پنجاب اسمبلی رانا ارشد نے سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور تعیناتی پر انہیں مبارکباد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تعلیمی میدان میں بہتری کیلئے بھرپور اقدامات کریں گی، ایجوکیشن کمپلیکس کے عملہ نے بھی نئی سی ای او ایجوکیشن کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ چلنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 16

موبائل فون چیک کیا تو مسلسل رابطے قریبی رشتہ دار سے نکلے۔ پولیس نے ملزمان کی نشاندہی پر بچے کی جلی ہوئی لاش کوٹ رادھا کشن سے برآمد کرلی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچے کو قتل کر کے جلانے والے ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 17

فصل کی پیداوار پر منفی اثر ڈال سکتی ہے اور معیار کو متاثر کر سکتی ہے۔ ترجمان محکمہ زراعت نے مزید کہا ہے کہ بہاریہ سورج مکھی کو پہلی آبپاشی روئیدگی مکمل ہونے کے فوراً بعد کرنی چاہیے تاکہ بیج کا اگاؤ بہتر ہو۔

بقیہ 18

کالجز سے منسلک مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد والدین اور طلباء و طالبات شرکت کریں گے، فیسٹول کا مقصد شرکاء کو تفریح کے مواقع مہیا کرنا ہے۔

بقیہ 19

5 کھلاڑیوں کے نقصان پر 163 رنز بنا کر ہمت ہار گئی۔ اتفاق کرکٹ گراؤنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے پہلے میچ میں ایل سی آئی نے نوامیڈ کی ٹیم کو پچھاڑ دیا۔ ایل سی آئی کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 147 رنز کا ہدف دیا جسے نوامیڈ کی ٹیم نے بآسانی حاصل کرلیا۔ اسی مقام پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں ایف بی آر اور مونڈے گروپ کی ٹیمیں مدمقابل آئیں۔ ایف بی آر کی ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 213 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں مونڈے گروپ کی ٹیم صرف 108 رنز بنا سکی۔

بقیہ 20

عہدیداران وممبران نے شرکت کی تقریب کے اختتام پر فنانس سیکرٹری فیصل شبیر کی طرف سے تمام دوستوں کو فش پارٹی کے ساتھ پر تکلف عشائیہ دیا گیا، آخر میں ملک پاکستان کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 21

پالیسی ریٹ میں کمی کے بعد یقینی طور پر نجی شعبہ بھی بینکوں میں رکھا گیا سرمایہ کاروباروں میں لگائے گا جس سے ہماری معیشت گروتھ کرے گی۔ خادم حسین نے مزید کہا کہ ایس ایم ایز کیلئے قرضوں کا اجراء بلا سود اور سہل ہونا چاہیے کیونکہ اس مد میں جانے والے قرضے چھوٹی انڈسٹری کی ترقی کا ذریعہ بنیں گے۔ حکومت کو ایسی پالیسی بھی لانی چاہیے جس میں طلبہ بھی چھوٹے کاروبار کی جانب راغب ہوں تاکہ پبلک سیکٹر پر روزگار فراہمی کا بوجھ کم ہو سکے۔

بقیہ 22

باہر نکل کر معاشی استحکام حاصل کرنا خوش آئند ہے اور اس کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے، قوم کا متفقہ مطالبہ ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں ملک کی خاطر میثاق معیشت کریں تاکہ ملک کو معاشی طور پر مضبوط بنیادیں میسر آ سکیں۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن سے اپیل ہے کہ مذاکرات کے عمل کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے کھلے دل اور ذہن کے ساتھ پیشرفت کریں، کسی بھی فریق کو سیاسی مفادات کی بجائے ملک کے مفادات کو ترجیح دینی چاہیئے

بقیہ 23

ہے اور قوم کو اس کا ادراک ہے۔ بشریٰ بی بی بھی عمران خان کی طرح پرعزم ہیں اور جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کے تحت قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے کے باوجود ان کی زبان پر کسی طرح کا کوئی شکوہ نہیں جس سے ہم جیسے کارکنوں کے حوصلے بھی بلند ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار پر قابض ٹولہ کئی سالوں سے عمران خان کی سیاست کو ختم کرنے کے درپے ہے اس کے لئے ان کی اہلیہ گھریلو باپردہ خاتون کو بھی جیل میں ڈالنے کا حربہ آزمایا جا چکا ہے لیکن عمران خان نہ پہلے جھکے تھے اور نہ اب جھکیں گے بلکہ یہ کاوشیں کرنے والوں کو سوائے شرمندگی اور ناکامی کے کچھ نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی والے ایک طرف اقتدار کے مزے لوٹ رہے ہیں اور دوسری طرف ہم حکومت میں شامل نہیں کے بیانات داغ کر عوام کی آنکھوں میں دھول بھی جھونک رہے ہیں، حالات بتا رہے ہیں کہ آنے والے دنوں میں حکومتی اتحاد کا شیرازہ بکھرنے جارہا ہے۔

بقیہ 24

پی ٹی آئی نے کہا ہے، اب بھی حکومت سنجیدہ ہے تو ایک بھی مثبت قدم اٹھائے، بانی سے بات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 7 دن ختم ہونے کے بعد مذاکراتی عمل باضابطہ ختم ہو چکا ہے، حکومت چاہے تو کمیشن کا اعلان کر دے، اس کے بعد ہم دیکھیں گے، حکومت کمیشن کے ٹی او آرز پر بیٹھنے کا کہے تو اس پر بانی پی ٹی آئی سے بات کریں گے۔ دوسری جانب حکومتی کمیٹی کے ترجمان عرفان صدیقی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے یکطرفہ طور پر اچانک مذاکرات ختم کیے، یہ کمیٹی ہی نہیں خود پی ٹی آئی کے لیے حیران کن تھا، اڈیالہ جیل سے بیرسٹر گوہر نے مذاکرات ختم کرنیکا اعلان کیا۔

بقیہ 25

اعتراض کے باوجود افسران کیلئے گاڑیاں خریدنے کا اعلان کر دیا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے کہا کہ نوجوان افسران کیلئے کاریں خریدی جائیں گی، آپریشنز اور سیلز ٹیکس چیکنگ کیلئے افسر کاونٹ ضروری ہوتا ہے، کمیٹی کے اعتراض کا احترام سے شافی جواب دیا ہے، ٹیکس اہداف پورے کریں گے۔ شہر قائد میں سب سے زائد ٹیکس کلیکشن کے حوالے سے ایف بی آر چیئرمین نے وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں بڑی کمپنیز کے ہیڈ کوارٹرز ہیں، یہاں ملٹی نیشنلز کے بھی ہیڈ کوارٹرز ہیں، ٹیکس کلیکشن کا عمل اُدھر سے ریکارڈ میں آتا ہے۔

بقیہ 26

کی تقریب میں انٹرنیشنل میڈیا فورم کی سی ای او نعیمہ لاشاری اور لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری نے دستاویزات پر دستخط کئے۔ معاہدے کے مطابق ممبران کی تقریباً 40 ہزار پونڈ کی لائف انشورنس اور ان کے اہلخانہ کو بیرون ممالک تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنے میں بھی مدد فراہم کی جائے گی۔

بقیہ 27

پر سزا دینے کے معاملات پر کیس کی ساعت آج پیر کو کرے گی جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں بنچ کیس کی ساعت کرے گا عدالت پہلے ہی اس کیس میں اظہار تشویش کرتے ہوئے بچے کے قتل کے مقدمے میں اٹارنی جنرل ایڈووکیٹ جنرل اور پراسیکیوٹر جنرل کو نوٹس کرتے ہوئے ان سے جواب مانگ چکی ہے جبکہ جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیے تھے کہ قتل فوجداری کیسز میں میڈیا پرسن کے انٹرویوز کی کیا ویلیو ہے۔ ملزم ریمانڈ پر ہو تو عدالت تک مداخلت نہیں کرسکتی۔ ملزم جب بری ہوتا تو الزام عدالتوں پر آتا ہے۔ پوری دنیا میں عدالتی کارروائی پر کوئی کمنٹ نہیں کرسکتا۔

بقیہ 28

ساعت کے دوران عدالت عظمیٰ کی عمارت میں خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ سپریم کورٹ کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ لارجر بینچ 27 جنوری کو سپریم کورٹ میں 26ویں آئینی ترمیم کے مقدمات کی ساعت کرے گا، فریقین کی سہولت اور عدالتی امور کو خوش اسلوبی سے چلانے کے لیے پیر کو سپریم کورٹ میں سکیورٹی بہتر بنانے کے لیے خصوصی حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ کمرہ عدالت نمبر 2 میں بیٹھنے کی محدود گنجائش کے پیش نظر سپریم کورٹ کی طرف سے جاری کیے جانے والے خصوصی حفاظتی پاس کے ذریعے داخلے کو ریگولیٹ کیا جائے گا۔

بقیہ 29

سے ہٹا دیا تھا۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے میں رجسٹرار سپریم کورٹ کو ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل کے معاملے کو دیکھنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

بقیہ 30

کو ٹرانسفارم کرنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کردیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پورے پاکستان میں پہلی بار کراچی کے آغا خان یونیورسٹی ہسپتال نے شعبہ صحت کو ٹرانسفارم کرنے کیلئے اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کردیا ہے۔

بقیہ 31

نائب امیر مولانا مفتی افضال، سرپرست جمعیت علمائے تحصیل چنیوٹ مولانا عمر اصغر، امیر جمعیت علمائے اسلام تحصیل چنیوٹ مولانا محمد عثمان، مولانا ہارون، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا وسیم، مولانا سیف الرحمٰن ساقی، مولانا مفتی بلال، مولانا عمران، مولانا نواز، مولانا مفتی زاہد، مولانا نواز، مولانا شہادت علی، قاری ابوذر غفاری، مولانا انس، مولانا محمد علی، حافظ نسیم، چوہدری انور علی فاروقی، مولانا سیف اللہ نقشبندی، قاری غلام شبیر، حافظ عبدالغفار، مولانا حبیب اللہ، مولانا امیر حمزہ، اور کثیر تعداد میں علماء کرام و کارکنان جمعیت علماء اسلام نے شرکت فرمائی جمعیت کے کام کو مزید فعال بنانے اور مزید یونٹوں کو بنانے کا عزم کیا گیا۔

بقیہ 32

کرے تاکہ مقامی آبادی اور قریبی اضلاع کے لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں، پسماندہ علاقوں میں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایمرجنسی کی طرز پر اقدامات ناگزیر ہیں، ہم نے ثابت کیا ہے کہ حلقے اور عوام سے ہماری وابستگی کسی عہدے کی محتاج نہیں، عوام ہر کڑے وقت میں ہمیں اپنے ساتھ پائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے طویل دورہ کے دوران علاقہ عمائدین اور مقامی افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے عزیز و اقارب سے ملاقاتیں کر کے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی بھی کی۔

بقیہ 33

فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار، دس کلو چرس برآمد، مقدمہ درج، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد حسن عمران سید نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش ملک شکیل کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے دس کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو حوالات میں بند کر دیا، ایس ایچ او تھانہ مصطفیٰ آباد حسن عمران سید نے کہا کہ ڈی پی او قصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات کے ناسور سے نجات دلانا مشن ہے، عوام منشیات فروشوں کی گرفتاری کیلئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں ہم فوری کارروائی کریں گے، سب انسپکٹر طارق محمود کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔

بقیہ 34

سنگ میل عبور کرنے کا اعلان کیا ہے۔ شعبہ خدمت خلق کے زیر اہتمام پورے ضلع میں فری آئی کیمپوں کے انعقاد کا مقصد غریب اور مستحق افراد کو علاج معالجے کی مفت سہولیات فراہم کرنا ہے جنرل سیکرٹری ثاقب مجید نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ ان کیمپوں میں نہ صرف آنکھوں کی بیماریوں کا علاج کیا جائے گا بلکہ ضرورت پڑنے پر فری آپریشنز بھی کیے جائیں گے۔ کیمپوں میں عینکوں اور معیاری ادویات کی مفت فراہمی بھی شامل ہوگی، تاکہ کسی کو علاج کے اخراجات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کے لیے مفت سہولیات کی فراہمی پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے خدمت خلق کے مشن کا حصہ ہے۔ یہ کیمپ بالخصوص ان لوگوں کے لیے ایک اہم موقع ہیں جو اپنی مالی حالت کی وجہ سے علاج کروانے سے قاصر ہیں۔ ثاقب مجید نے بتایا کہ 10 فروری سوموار سانگلہ ہل میں، 11 فروری منگل شاہکوٹ، 12 فروری بدھ دیہی ننکانہ صاحب اور شاہکوٹ دیہی، 13 فروری جمعرات واربرٹن، 14 فروری جمعہ بچیکی، 15 فروری ہفتہ موڑ کھنڈا اور 16 فروری بروز اتوار منڈی فیض آباد میں لگایا جائے گا ثاقب مجید نے عوام سے درخواست کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ان کیمپوں سے مستفید ہوں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کیمپوں میں اعلیٰ تربیت یافتہ ماہر ڈاکٹرز اور جدید ترین سہولیات دستیاب ہوں گی اور یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی خدمات کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے، اور ان فری آئی کیمپوں کا انعقاد اس سلسلے کی ایک کڑی ہے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے فلاحی سرگرمیوں کا تسلسل جاری رہے گا۔

بقیہ 35

اور قومی ورثے کو بچانے کا منصوبہ شروع کر کے ایک نئی روایت قائم کر دی ہے جس کے تحت پہلے مرحلے پر مفکر پاکستان حضرت علامہ اقبال کے استاد محترم مولوی میر حسن ہال کو اپنی اصلی حالت لا کر اسے محفوظ بنا دیا گیا ہے۔ مولوی میر حسن ہال کی بحالی کے بعد دوبارہ کھولنے کے لئے خصوصی تقریب منعقد ہوئی تو محسن مرے کالج شیخ بشارت اقبال اپنی اہلیہ کے ہمراہ امریکہ سے بطور خاص تشریف لائے۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن حکومت رضوان الحق تھے جبکہ وائس چانسلر گورنمنٹ ویمن کالج یونیورسٹی سیالکوٹ پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر، محسن مرے کالج شیخ بشارت اقبال کی اہلیہ محترمہ مسز شیخ بشارت اقبال، پروجیکٹ ڈائریکٹر سید عابد شیرازی، ڈائریکٹر کالجز گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر امان راٹھور اور ڈائریکٹر پنجاب گروپ آف کالجز عرفان خان بطور خاص موجود تھے۔ پرنسپل مرے کالج پروفیسر ڈاکٹر نواز مرزا نے محسن مرے کالج شیخ بشارت اقبال اور فیملی کی طرف سے مرے کالج میں مختلف منصوبوں پر دس کروڑ سے زائد رقم کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 36

جرنلسٹس تحصیل رینالہ خورد کے انتخابات، رانا نواز صدر، امین بھٹی جنرل سیکرٹری، رانا مشتاق احمد چیئرمین اور چوہدری مجیب الرحمٰن سرپرست اعلیٰ منتخب۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل یونین آف جرنلسٹس تحصیل رینالہ خورد کے انتخابات 2025 میں سرپرست اعلیٰ چوہدری مجیب الرحمٰن (رینالہ خورد)، چیئرمین رانا مشتاق احمد (شیر گڑھ)، صدر رانا محمد نواز (اختر آباد)، نائب صدر راؤ توفیق (اختر آباد)، جنرل سیکرٹری محمد امین بھٹی (چوچک)، جوائنٹ سیکرٹری رانا گلزار احمد (رینالہ خورد) اور سیکرٹری اطلاعات میاں بلال احمد (رینالہ خورد) منتخب ہوئے۔ الیکشن 5 رکنی الیکشن کمیٹی نے کروائے۔ کمیٹی میں عمران زاہد کھوکھر، ظہور شاہین، راؤ شاہد، اعجاز حسن بھٹی اور میاں خادم حسین کمیانہ شامل تھے۔ الیکشن کمیٹی نے منتخب عہدیداران آر یو جے تحصیل رینالہ خورد کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔

بقیہ 37

زیر اہتمام ونٹر فیسٹول 30 جنوری کو شروع ہوگا' ڈائریکٹر کنٹری گروپ آف کالجز مہر احمد علی پڈھیار نے بتایا کہ کنٹری کالج ہیڈ بلوکی روڈ موڑ کھنڈا کیمپس میں دو روز تک جاری رہنے والے ونٹر فیسٹول 2025 میں 30 جنوری کا دن خواتین جبکہ 31 جنوری کو مرد حضرات شرکت کریں گے، انہوں نے بتایا کہ ونٹر فیسٹول میں کنٹری گروپ آف کالجز سے منسلک مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد والدین اور طلباء و طالبات شرکت کریں گے، فیسٹول کا مقصد شرکاء کو تفریح کے مواقع مہیا کرنا ہے۔

بقیہ 38

مذاکرات ختم کر کے احسن اقدام کیا ہے کیونکہ حکمران جو کہ فارم 47 کی پیداوار ہیں وہ مذاکرات کی میز پر مذاق رات کر رہے تھے اور وقت ضائع کرنے کے علاوہ ان کا کوئی کام نہیں تھا نہ تو ان کے پاس کوئی اختیارات ہیں اور نہ ہی ان میں یہ عقل اور فہم و فراست ہے۔ مذاق اڑانے والے اشخاص اور حکمران ٹولہ صرف اور صرف پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے دیئے گئے۔ نااہل حکمران آٹھ فروری کے الیکشن کی دھاندلی کو بھول گئی ہے اور اب صرف انہوں نے 26 نومبر اور نو مئی کو ہونیوالے واقعات پر کمیشن قائم کرنیکی بات کی ہے۔

بقیہ 39

اخراجات کہاں خرچ ہوئے اس کا سرکاری ریکارڈ ہی فراہم نہیں کیا گیا۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مالی سال 20-2019 میں میونسپل کارپوریشن ڈی جی خان میں 8 کروڑ 10 لاکھ روپے، مالی سال 21-2020 میں 9 کروڑ 80 لاکھ روپے خرچ کرنے کا ریکارڈ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو فراہم نہیں کیا گیا۔ مالی سال 019-2018 میں بھی آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کو ڈی جی خان کی میونسپل کارپوریشن کے اخراجات کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا۔ آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کی بار بار متنبہ کے باوجود میونسپل کارپوریشن ڈی جی خان کے اخراجات کا ریکارڈ فراہم نہیں کیا گیا جس پر ریکارڈ فراہم نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش کردی گئی ہے۔

بقیہ 40

کے تنازعہ پر حملہ کر کے ایک شخص کو فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا، متعدد افراد کو ڈنڈوں سوٹوں سے زخمی کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ چک نمبر 344 ج ب کے رمضان کا گاؤں کے منظور احمد وغیرہ سے مکان کا تنازعہ تھا جس پر منظور وغیرہ دو درجن افراد نے بلہ بول کر مکان پر قبضہ کرنے کی کوشش کی پولیس پہنچنے پر فرار ہو گئے پولیس کے واپس جانے پر دوبارہ مسلح ہو کر آ گئے اور مکان کی چھتیں پھاڑ ڈالیں اور اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے یرغمال بنالیا اور فائرنگ کر کے مزمل کو شدید زخمی کر دیا جبکہ دیگر زخمیوں میں محمد رمضان، اللہ دتہ، مدثر احمد، محمد سعید، شہناز بی بی، رانی بی بی، نسیم بی بی، فیضہ بی بی، اعجاز علی سمیت پندرہ افراد شدید زخمی ہو گئے ملزمان فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے زخمیوں کو فوری طور رورل ہیلتھ سنٹر نواں لاہور منتقل کیا گیا اطلاع ملنے پر نواں لاہور پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔

بقیہ 41

نے مشاورت کے بغیر انتہائی عجلت میں پیکا ایکٹ ترمیمی بل منظور کیا ہے، مسودہ قانون میں موجود نقائص سے بہت سے مسائل جنم لیں گے اس لئے اسے دوبارہ قائمہ کمیٹی کو بھجوا کر اس پر وسیع تر مشاورت کا آغاز کیا جائے، ہم اس حق میں ہیں کہ سوشل میڈیا پر کسی کی بھی پگڑی اچھالنے اور فیک نیوز کا سدباب ہونا چاہیے لیکن اس کی آڑ میں آزادی اظہار رائے پر قدغن نہیں لگائی جا سکتی، پنجاب بار کونسل کے آئندہ مدت کیلئے وائس چیئرمین اور چیئرمین ایگزیکٹو کے لئے انتخاب 31 جنوری کو عمل میں آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو راؤ فضل الرحمٰن، سیکرٹری رفاقت علی سوہل، سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد، کامران بشیر مغل، امجد اقبال خان، اکاؤنٹس آفیسر رانا عمیر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چودھری بابر وحید نے کہا کہ پاکستان کا آئین ہر شخص کو اظہار رائے کی مکمل آزادی دیتا ہے، سوشل میڈیا کے غلط اور منفی استعمال کی روک تھام کے لئے ضرور قانون سازی ہونی چاہیے لیکن اس کی آڑ میں آنکھیں بند کر کے ہر کسی کو لپیٹ میں نہیں لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ ترمیمی بل کی منظوری پر سیاسی جماعتوں اور وکلاء تنظیموں سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے اس لئے حکومت ترمیمی بل کو واپس قائمہ کمیٹی کو بھجوائے اور اس پر وسیع تر مشاورت کا آغاز کر کے اسے اتفاق رائے سے دوبارہ منظوری کے لئے پیش کرے۔ اس بل کی منظوری سے یہ تاثر مل رہا ہے کہ اسے سیاسی مخالفین کو نرغے میں لانے کیلئے پاس کیا گیا ہے، جس سے بہت سے مسائل پیدا ہوں گے۔

بقیہ 42

آپریشن اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان نے اسسٹنٹ کمشنر قصور عطیہ عنایت مدنی اور دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ مصطفیٰ آباد کا اچانک دورہ کیا، انہوں نے رورل ہیلتھ سینٹر میں ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات کو چیک کیا، ڈپٹی کمشنر نے میڈیسن کی دستیابی اور مریضوں سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں بھی استفسار کیا، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کو ہدایت کی کہ یہاں آنیوالے تمام مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی سستی نہ برتی جائے، ڈپٹی کمشنر نے عام مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور ریٹ لسٹوں کی نمایاں جگہوں پر موجودگی کو بھی چیک کیا، انہوں نے خریداروں سے بھی قیمتوں بارے دریافت کیا اور دکانداروں کو واضح کیا کہ وہ ضلعی انتظامیہ کی طرف سے مقرر کردہ ریٹ لسٹ کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فراہمی کو یقینی بنائیں خلاف ورزی کی صورت میں سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائینگی، ڈپٹی کمشنر نے تجاوزات کیخلاف جاری آپریشن کا بھی جائزہ لیا اور دوکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حدود میں رہ کر کاروبار کریں، تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشنز تیز کردیا گیا ہے اور اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، تجاوزات کیخلاف کارروائیوں کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جارہی ہے اس مہم کا مقصد شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا اور شہر کو خوبصورت اور قابل رہائش بنانا ہے، ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بھی چیک کیا اور ایل ڈبلیو ایم سی کے ذمہ داران کو صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی، ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شہر کو خوبصورت اور صاف ستھرا رکھنا معاشرے کے تمام طبقات کی ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ضلع کو خوبصورت بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ دن رات کوشاں ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، انہوں نے ہدایت کی کہ افسران فیلڈ میں مزید متحرک ہو کر کام کریں اور روزانہ کی بنیاد پر صفائی ستھرائی سرگرمیوں کی مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 43

آرڈر کی پرواہ کئے بغیر کام جاری ہے، کامران شیر محمد کی پریس کانفرنس، عدالتی سٹے کام روکنے کا نہیں ہے، ہم نے پیسے دینے نہیں بلکہ لینے ہیں، ہمیں بلیک میل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، محمد رفیع بھٹی کا موقف، تفصیلات کے مطابق کامران شیر محمد نے پریس کلب مصطفیٰ آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ محمد رفیع بھٹی نامی شخص مین فیروز پور روڈ حمزہ مارکیٹ وڈانہ کے قریب کالونی بنا رہا ہے جس میں پانچ فٹ مٹی ڈالنے کا ٹھیکہ 33 لاکھ روپے میں ہوا تھا، محمد رفیع بھٹی نے ساڑھے چار فٹ مٹی ڈالنے پر پانچ لاکھ روپے ادا کر دیئے ہیں جبکہ 28 لاکھ روپے دینے سے انکاری ہے، پیسے دینے سے انکاری ہونے پر ہم نے تھانہ مصطفیٰ آباد میں بھی تحریری درخواست دے رکھی ہے جبکہ عدالت سے سٹے آرڈر بھی حاصل کر رکھا ہے، محمد رفیع بھٹی کے ملازمین عدالتی سٹے آرڈر کے باوجود کام نہیں روک رہے، متعدد بار 15 پر بھی کالیں کی گئی ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہورہی، میں وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب، ڈی پی او قصور و دیگر اعلیٰ حکام سے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کرتا ہوں، محمد رفیع بھٹی نے اپنا موقف دیتے ہوئے کہا کہ عدالتی سٹے کام روکنے کا نہیں ہے، ہم نے ان کے پیسے دینے نہیں بلکہ ڈھائی لاکھ روپے لینے ہیں، اگر ہم نے ان کے پیسے دینے ہوئے تو ڈبل دیں گے، ہمیں بلیک میل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ہمارے وکلاء عدالت میں پیش ہو کر بھی مقدمہ کا سامنا کریں گے۔

بقیہ 44

50 لاکھ اور 20 کی ہیڈ منی 25 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق 50 لاکھ کی ہیڈ منی والے مطلوب ڈاکوؤں میں حبیب ولد علی بخش، قربان ولد لنگ، فرحت ولد برکت، عیسیٰ ولد مراد، متارا ولد میوہ، ایوب عرف صداری ولد مراد، شیرا ولد دریام، عالمگیر ولد حاجی میر، غلام قادر عرف کمن ولد امداد، موج علی ولد اللہ دتہ، فیاض ولد تکیا، ہزارہ ولد میوہ، چھالو بھرانی، وزیر الیاس بڑا، شاہو منڈا، ابراہیم ولد قطب، شاہد ولد خان محمد، منیر الیاس ولد اکبر، جمیل ولد قادر بخش اور عاشق ولد اصغر شامل ہیں۔ اسی طرح 25 لاکھ کی ہیڈ منی والے مطلوب ڈاکوؤں میں یعقوب ولد کٹی، شاہنواز ولد میر محمد، بشو ولد جنگال، چھوٹو ولد منظور، عبدالستار ولد جمعہ، ملوک ولد ماہی وال، دوست محمد ولد عطا اللہ، بہادر ولد عطا اللہ، ظفر عرف ظفری ولد اللہ یار، شبیر ولد دوست محمد، نواب ولد میر دوست، صابر دین ولد علی بخش، ستار ولد منظور، عبدالغنی ولد علی بخش، شاہ مراد ولد دادو، فوج علی ولد چھترو، نذیر ولد دوسو، یسین ولد اللہ دتہ، وقار ولد عبدالرحمٰن اور حمزہ اندھڑ ولد منیر احمد شامل ہیں۔ یاد رہے کہ محکمہ داخلہ اس سے قبل کچے کے 20 خطرناک ڈاکوؤں کے سر کی قیمت 1 کروڑ روپے مقرر کر چکا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈاکوؤں کے بارے خفیہ اطلاع دینے کیلئے واٹس ایپ نمبر 03334002653 جاری کیا ہے اور یہ یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ اطلاع دہندہ کا نام ہر صورت صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 45

شریف اور میاں شہباز شریف کے تین دہائیوں سے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے ہیں پیشے کے لحاظ سے اکاؤنٹینٹ اور وسیع انتظامی تجربہ رکھتے ہیں مشکل وقت میں پارٹی قیادت کے ساتھ کھڑے رہے، جس کی وجہ سے کئی مصائب کا بھی سامنا کرنا پڑا۔ نواز شریف کی 2007 میں پاکستان واپسی پر ڈکٹیٹر مشرف نے انھیں گرفتار کیا تھا اور قید کے باوجود انہوں نے بے وفائی نہ کی شہباز شریف کے وزارت اعلیٰ کے دوران پنجاب میں وہ اوورسیز پاکستانیز کمشنر بھی رہے اور ایک بار پھر پارٹی نہ چھوڑنے پر سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے انتقام کا نشانہ بنے۔ حافظ امیر علی اعوان۔ زاہد مصطفیٰ اعوان اور دیگر نے افضال بھٹی کو ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بعدالت جناب مجیب الرحمٰن شامی صاحب

سول جج درجہ اول منڈی بہاؤالدین

دعویٰ استقرار حق، عنوان: شفیق احمد طور بنام ٹیکسائز اینڈ ٹیکیکیشن آفس گجرات وغیرہ اشتہار اخبار بنام ٹیکسائز اینڈ ٹیکیکیشن آفس گجرات، ٹیکسائز اینڈ ٹیکیکیشن آفس منڈی بہاالدین مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 2025/01/27 بوقت 09 بجے صبح کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ندیم انجم صاحب

فیملی جج لالیاں

عنوان صدف بی بی بنام صفدر علی، دعویٰ خرچہ نان و نفقہ، اشتہار بنام صفدر علی ولد احمد خان، احمد خان والد حقیقی مدعاعلیہ نمبر 1 اقوام ہرل ساکنائے موضع چک بہادر تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 06-02-2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت بوقت 9:00 بجے ہوں۔ ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی۔

بعدالت مس عاصمہ تحسین صاحبہ

ASJ جھنگ

عنوان مقدمہ: فخر حیات بنام فلک شیر۔ اپیل۔ اخبار اشتہار بنام فلک شیر ولد غلام محمد، ساکن موضع بھون تحصیل و ضلع جھنگ۔ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپکو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 30-01-2025 اصالتاً حاضر عدالت بوقت 09:00 بجے ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی اور بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگی۔

بقیہ 46

پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق اور رکن قومی اسمبلی پیر سید زاہد شاہ گیلانی کے ہمراہ گورنمنٹ علی عباس شہید ہائیر اسکنڈری سکول مریدکے کی نئی مسجد اور ایگزام سنٹر کے افتتاح کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جو حقیقی صحافی اور ادارے ہیں وہ پیکا ایکٹ سے پریشان نہ ہوں، پیکا ایکٹ عوام اور اداروں کی ڈیمانڈ پر لایا گیا، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ پہلے دن سے آج تک صحافی تنظیموں اور دیگر میڈیا ہاؤسز سے رابطہ میں ہیں اور ان کے خدشات دور کر رہے ہیں، حکومت آزادی اظہار اور آزادی صحافت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا وزیراعظم شہباز شریف صنعت، زراعت اور تعلیم کی بہتری کیلئے دن رات کام کر رہے ہیں، زرعی تحقیق کیلئے نوجوانوں کو چین بھیجا جا رہا ہے، بیلاروس سمیت کئی ممالک سے زرعی ترقی کیلئے مشاورت جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی پہلے بھی سستی کی، اپریل میں مزید سستی کرنے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہم آج بھی فی ایکڑ تین من پیداوار پر کھڑے ہیں جبکہ دنیا کہاں سے کہاں پہنچ گئی، وزیر اعظم کی حکمت عملی سے زرعی اور صنعتی شعبہ میں پاکستان کو چالیس ارب روپے کا فائدہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کیلئے مسلم لیگ (ن) کی حکومت کی جو خدمات ہیں وہ کسی اور جماعت کی نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب نوجوان نسل کی نمائندہ ثابت ہوئی ہیں، تعلیمی اداروں کی جہاں بہتری ہو رہی ہے وہاں نوجوان نسل کو لیپ ٹاپ اور اسکالرشپس دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی تباہی کو ختم کرنے کیلئے بہت مشکلات عبور کر کے اب بحالی کی طرف گامزن ہیں، بانی پی ٹی آئی نے جہاں اداروں کو تباہ کیا وہیں نئی نسل کو گالم گلوچ اور جلاؤ گھیراؤ کی طرف راغب کیا فتنہ کا دور اور اثر ختم ہونے کو ہے، بانی پی ٹی آئی کا مشن پاکستان کی سیاست اور معیشت کی تباہی ہے اسی وجہ سے مذاکرات سے بھاگ رہے ہیں، حکومت مذاکرات سے نہ پہلے بھاگی نہ اب بھاگے گی، پی ٹی آئی کا ملک اور عوام دشمن چہرہ بے نقاب کرتے رہیں گے۔

بقیہ 47

قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیکا ترمیمی ایکٹ آزاد صحافت پر پابندی کی شروعات ہے یہ ڈیجیٹل میڈیا تک محدود نہیں رہیگا۔ اسے اصل میں پرنٹ اور الیکٹرونک کو دبانے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ دنیا آزادی اظہار رائے کی جانب گامزن ہے لیکن یہاں آزادی رائے کو چھینا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی بالادستی، جمہوریت کی آزادی میں صحافت کا ایک کردار ہے جب تک آزادی اظہار رائے نہیں ہوگی تو نہ صرف میڈیا بلکہ پارلیمنٹ اور عدلیہ کی آزادی بھی سلب ہو جائے گی۔

بقیہ 48

کے مطابق مثبت نمونوں کا جنیاتی تعلق ڈبلیو پی وی 1 پولیو وائرس کلسٹر سے ہے، ماحولیاتی نمونوں کے سیمپلز 23 اور 24 دسمبر 2024 کو لیے گئے۔ 2025 کی پہلی انسداد پولیو مہم 3 فروری سے شروع ہوگی، ملک گیر پولیو مہم 3 سے 9 فروری تک جاری رہے گی۔ ملک میں تین کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، 2025 میں ایک بچہ جبکہ 2024 میں 73 بچے پولیو سے متاثر ہو چکے ہیں۔

بقیہ 49

خدمات کی بدولت آج پاکستان قائم ہے۔ "انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کو ملک کے استحکام اور دفاع میں اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی اور کہا کہ پاکستان سے محبت کا اظہار اتحاد اور یکجہتی کے ذریعے کیا جائے۔ چوہدری پرویز اقبال لوہسر نے مزید کہا کہ ایسی ریلیوں کا مقصد پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ اپنی محبت اور حمایت کا اعلان کرنا ہے۔ انہوں نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور انہیں پاکستان کی ترقی کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کی تلقین کی۔ یہ ریلی پاکستان اور پاک فوج کے لیے اوورسیز پاکستانیوں کی غیر متزلزل حمایت اور محبت کا مظہر تھی۔ پروگرام کے آرگنائزر حاجی محمد اصغر جلیانی تھے جبکہ ہال میں انٹری سے مہمانوں کا استقبال ڈھول کی تھاپ پر کیا گیا۔ جبکہ پاکستان مسلم لیگ ن فرانس نے بھرپور سرکت کی۔ فرانس کا دارالحکومت پیرس پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھا۔ ریلی میں پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ شرکاء نے پاکستانی پرچم اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر کے پوسٹرز تھام رکھے تھے، اس موقع پر اوورسیز پاکستانیوں نے اپنے وطن اور پاکستان آرمی کے ساتھ اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ چیئرمین ای یو پاک فرینڈشپ فیڈریشن یورپ کے چیئرمین چوہدری پرویز اقبال لوہسر اور آرگنائزر حاجی اصغر جلیانی نے پاکستان زندہ باد افواج پاکستان زندہ باد ریلی کی کامیابی پر آنے والے تمام پاکستانیوں کا شکریہ ادا کیا۔

بعدالت جناب تحصیلدار مہر شوکت علی ساہمبل صاحب تحصیلدار جھنگ

عنوان آصف حمید بنام مسماۃ آمنہ جبیں وغیرہ، درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 505 واقع موضع مگھیانہ چک نون تحصیل و ضلع جھنگ، اشتہار بنام مسماۃ آمنہ جبیں دختر ولی محمد، غلام مصطفیٰ ولد احمد بخش، سیف اللہ قمر، خلیل احمد، کاشف توقیر پسران غلام مصطفیٰ، محمد بخش خاوند مسماۃ عزیز فاطمہ، مسمات خاور تنویر دختر غلام قادر اقوام جٹ کھوکھر، اکبری بی، منور سلطانہ دختران احمد بخش، بشیر احمد قیصر ولد محمد حسین، ندیم اشرف، محمد کامران اشرف پسران اقبال فاطمہ، مسماۃ الٰہی نور بیوہ محمد سعید اقوام جٹ کوکھر، غلام شبیر ولد غلام رسول، سیف اللہ خان، فیض الحسن، فیاض حسین پسران عبدالعزیز، پرویز اختر، گلشن جاوید پسران غلام اکبر، عبدالغفار، عبدالستار پسران عبدالجبار، محمد الیاس ولد بشیر احمد، گلزار حسین، مختار حسین، طاہر عباس، طارق عباس پسران غلام اکبر، ریحانہ پروین، رخسانہ عزیز، غزالہ یاسمین دختران عبدالعزیز، محمد فاروق ولد عبدالجبار، مقبول احمد، محمد ریاض، محمد نواز، عمر دراز، پسران شہادت خان اقوام مگھیانہ سیال ساکنان چک نون موضع مگھیانہ تحصیل و ضلع جنگ مسئول علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا میں بتاریخ 28-01-2025 عدالت زیر دستخطی حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب وقاص ارشد صاحب

سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق' بعنوان: مسماۃ تارا شفیق بنام عوام الناس وغیرہ' اخبار اشتہار: محمد وقاص، مسماۃ مہک شہزادی، محمد عثمان، محمد بلال، فیصل اشفاق، محمد حسن پسران دختران اشفاق احمد اینڈ مسماۃ نرگس اشفاق ساکن مکان نمبر 538 محلہ بلاک 3 سیکٹر C1 عمر چوک گرین ٹاؤن لاہور، سیکرٹری یونین کونسل نمبر 13 صدیقہ کالونی تحصیل شالیمار بادامی باغ لاہور بنام مدعاعلیہم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 29-01-2025 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بقیہ 50

کیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 5 ہزار لون جاری کیے گئے جبکہ دوسرے مرحلے میں 3 ہزار مزید لون کے ذریعے گھروں کی تعمیر کا آغاز ہو چکا ہے۔ "اپنی چھت، اپنا گھر" کے پورٹل پر اب تک 4 لاکھ سے زائد درخواستیں جمع ہو چکی ہیں، جو ایک نیا ریکارڈ ہے۔ ان درخواستوں کی تصدیق تین غیر جانبدار مائیکرو فنانس ادارے کر رہے ہیں تاکہ مکمل شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ پروگرام کے تحت 5 ہزار سے زائد مکانات تکمیل کے آخری مراحل میں ہے جبکہ مزید گھروں کی تعمیر بھی جاری ہے۔

بقیہ 51

حوالے سے مشاورتی اجلاس میں شرکت کا دعوت نامہ پہنچایا۔ اس موقع پر سراج الحق نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کیلئے ہم ہر طرح کے تعاون کیلئے تیار ہیں، صوبے میں امن کیلئے ایک ہزار جرگے کرنا پڑیں تو کریں۔ سراج الحق نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان کے تعلقات میں خرابی کا سب سے زیادہ نقصان صوبہ خیبر پختونخوا کو ہوگا، صوبے میں امن قائم کرنا وفاقی و صوبائی حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کی ذمہ داری ہے۔ جماعت اسلامی کے سابق امیر نے کہا کہ دہشت گردی اور لاشوں پر سیاست نہیں ہونی چاہیئے، گزشتہ عرصے میں بدامنی کی وجہ سے سب سے زیادہ نقصان صوبہ خیبر پختونخوا کا ہوا۔

بقیہ 52

تعینات نئے جج جسٹس اعظم خان (آج) پیر کو ساعت کرینگے، خاور مانیکا نے 13 جولائی 2024 کا ایڈیشنل سیشن جج کا بریت کا فیصلہ چیلنج کر رکھا ہے۔ درخواست میں اپیل میں ایڈیشنل سیشن جج کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی، ایڈیشنل سیشن جج نے 13 جولائی 2024 کو بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو عدت نکاح کیس میں بری کر دیا تھا۔ خاور مانیکا نے ایڈیشنل سیشن جج کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کر رکھی ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے عدت کے دوران نکاح کیس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلیں منظور کر کے انہیں باعزت طور پر بری کر دیا تھا جبکہ اس سے قبل سینئر سول جج قدرت اللہ نے اڈیالہ جیل میں عدت نکاح کیس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کو 7، 7 سال قید کی سزا سنائی تھی۔ دوران ساعت بانی پی ٹی آئی کی طرف سے وکیل سلمان اکرم راجا اور بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل عثمان ریاض گل نے استغاثہ کے چاروں گواہوں پر جرح کی تھی، گواہوں میں خاور مانیکا، عون چوہدری، نکاح خواں مفتی سعید اور ملازم لطیف عدالت میں پیش ہوئے تھے۔

بقیہ 53

شریف کی کارکردگی سے متاثر کراچی کے تاجروں کا وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال سے بڑا مطالبہ سامنے آ گیا۔ تاجر رہنما نے احسن اقبال سے مطالبہ کیا کہ "کچھ عرصے کیلئے مریم نواز شریف ہمیں دے دیں اور مراد علی شاہ آپ رکھ لیں"۔ اجلاس میں شریک تمام تاجروں نے مریم نواز کو وزیر اعلیٰ سندھ بنانے کی حمایت کر دی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال تاجر رہنما کے مطالبے پر بے ساختہ مسکرا دیئے تاہم انہوں نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

بقیہ 54

اسمبلی کے اسپیکر چوہدری لطیف اکبر کے قافلے پر فائرنگ جس میں دو افراد زخمی ہو گئے تاہم چوہدری لطیف خود محفوظ رہے۔ ذرائع کے مطابق چوہدری لطیف اکبر اپنے حلقہ انتخاب دارالحکومت مظفر آباد کے نواحی علاقہ کھاوڑہ میں ایک سیاسی میٹنگ میں جا رہے تھے کہ راستے میں ان کے قافلے پر فائرنگ کی گئی جس سے دو افراد زخمی ہوئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق چوہدری لطیف اکبر نے ٹیلی فون پر بتایا کہ میرے قافلے پر فائرنگ کی گئی ہے، شمولیتی پروگرام میں شرکت کے لیے جا رہے تھے جہاں فائرنگ کی گئی۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر نے بتایا کہ تین روز قبل مخالفین سوشل میڈیا پر دھمکیاں دے رہے تھے جن سے انتظامیہ اور پولیس کو آگاہ کر دیا تھا لیکن کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔ فائرنگ سے دو افراد زخمی ہوئے ہیں جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔

بقیہ 55

پی پیز پر جماعت اسلامی نے عوام کی ترجمانی کی، اراکین اسمبلی کی تنخواہوں میں اضافہ مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پالیمنٹیرینز کی تنخواہوں میں 140 فیصد اضافہ کر دیا گیا، جماعت اسلامی فلسطینیوں کے لئے کام کر رہی ہے، غزہ کی بحالی پر پاکستان کو بطور ریاست کردار ادا کرنا ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ دباؤ سے نکلنے کے لئے لازمی ہے کہ تیزی سے مہم چلائی جائی، پاکستان کو موجودہ حالات میں جلد کردار ادا کرنا چاہیے، اب عرب ممالک سمیت دیگر پر دباؤ آئیگا کہ اسرائیل کو تسلیم کریں۔

بعدالت جناب ہمایوں پرویز صاحب/سول جج درجہ اوّل لاہور

درخواست سٹفکیٹ جانشینی' عنوان: مجاہد غنی وغیرہ بنام عوام الناس' مجاہد غنی ولد ملک محمد غنی سکنہ گلی نمبر 2 شادی پورہ کرن پارک بند روڈ لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 27-01-2025 کو اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ملک محمد رستم علی صاحب/سول جج درجہ اوّل لاہور

دعویٰ: استقرار حق' عنوان: نادیہ وغیرہ بنام عوام الناس' نادیہ دختر احمد دین، فوزیہ عامر زوجہ عامر اقبال دختر احمد دین، اقراء احمد دختر احمد دین، نورین دختر احمد دین، آمنہ احمد دختر احمد دین بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 03-02-2025 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بعدالت جناب ہمایوں پرویز صاحب/سول جج درجہ اوّل لاہور

درخواست سٹفکیٹ جانشینی' عنوان: نگار سلطانہ وغیرہ بنام عوام الناس' نگار سلطانہ بیوہ راحت یار خان حبیبہ کالونی مصطفےٰ آباد مکان نمبر B-78 گلی نمبر 7 لاہور کینٹ لاہور بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 27-01-2025 کو اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بقیہ 56

چیئرمین، جنرل سیکرٹری حکیم عبداللطیف، رانا نعمت اللہ ظفر صدر اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا کہ دینی مدارس اسلام کی اشاعت اور عوام کے ایمان اور وطن کی نظریاتی سرحدوں کے محافظ ہیں۔ جمعیت اہلحدیث وطن عزیز کی سالمیت کی جنگ لڑ رہی ہے۔ دشمن ملک کی سلامتی کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہے اور علماء اور عوام وطن کے تحفظ کے لیے میدان عمل میں کھڑے ہیں۔ دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے پاکستان رہتی دنیا تک انشاء اللہ قائم دائم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ علماء اور عوام نے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے ہر دور میں قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ ہر مسلمان کے ایمانی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو مغرب کی بے حیائی اور عریانی کے سیلاب سے بچنے کے لئے علماء اور دین داروں کی صحبت اختیار کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی طاقت دینی مدارس اور پاکستان کو نہیں ختم کر سکتی، جمعیت اہلحدیث ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے پرامن انداز میں بھرپور جدوجہد کر رہی ہے۔ مولانا نعیم الرحمٰن شیخوپوری نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا جب تک اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سود سے پاک اسلام کا معاشی، اقتصادی اور معاشرتی نظام نافذ نہیں کیا جاتا اس وقت تک ملک کو نہ تو بحرانوں سے نجات مل سکتی ہے اور نہ ہی ملکی معیشت میں بہتری آ سکتی ہے۔

بقیہ 57

بہترین مندوب کا ایوارڈ جیت لیا۔ رانیہ علی کو دبئی میں ہارورڈ ماڈل اقوام متحدہ کانفرنس میں ایوارڈ دیا گیا، کانفرنس کا انعقاد ہارورڈ یونیورسٹی کے زیر اہتمام کیا گیا تھا۔ کانفرنس میں 35 سے زائد ممالک کے 1,000 مندوبین نے شرکت کی۔ رانیہ علی نے سفارتکاری، تنقیدی سوچ کی غیر معمولی صلاحیتوں پر نمایاں کارکردگی دکھائی، ایوارڈ جیتنے کے بعد اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے رانیہ علی کا کہنا تھا کہ مجھے فخر ہے کہ میں نے دنیا کے سامنے اپنے ملک کا مثبت تشخص پیش کیا۔

بقیہ 58

میں کار موٹر سائیکل کے ڈرائیونگ ٹیسٹ جاری ہیں، صوبہ بھر میں اتوار کے روز رکشہ ڈرائیورز کے لیے کمرشل ٹیسٹ کا خصوصی انعقاد کیا گیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ، سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی کاوشوں سے کمرشل ٹیسٹ اتوار کے روز ہوا۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں رکشہ ڈرائیوز کیلئے خصوصی کاؤنٹرز بنائے گئے ہیں، رکشہ کے خصوصی ڈرائیونگ ٹیسٹ کے انعقاد سے 17 ہزار سے زائد شہری مستفید ہو چکے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک کے احکامات پر موٹر سائیکل کے لرننگ لائسنس پر 42 دن کا ریلیف جاری کیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کا کہنا ہے کہ شہری ایک ہی دن میں لرننگ اور ریگولر لائسنس کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں، صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے خصوصی مہم جاری ہیں، شہری خصوصی مہم سے فائدہ اٹھائیں۔

بعدالت جناب تحصیلدار مہر شوکت علی ساہمبل صاحب تحصیلدار جھنگ

عنوان آصف حمید بنام محمد نصر اللہ وغیرہ، درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 502 واقع موضع مگھیانہ چک جنوبی تحصیل و ضلع جھنگ، اشتہار بنام محمد نصر اللہ، امان اللہ، عرفان اللہ پسران غلام قادر، محمد فرقان، احمد غیان، افنان پسران و دختران نصر اللہ، خاور تنویر ولد غلام قادر قوم کھوکھر، مزمل فردوس زوجہ امان اللہ، بشیر احمد قیصر ولد محمد حسین، مزمل فردوس مختر محمد اسماعیل قوم کھوکھر، محمد اسلم انجم ولد محمد صدیق قوم ارائیں، محمد اکرم ولد محمد فرید، شفقت رسول، فیض کلیین پسران فیض رسول، محمد آصف محمد عاطف، محمد کاشف، ثاقب پسران محمد اکرم آرائیں، محمد اقبال ولد حفیظ الرحمٰن، نوید ولد حفیظ الرحمٰن، جمشید ولد حفیظ الرحمٰن، محمد ذیشان، محمد عرفان، امان اللہ، عثمان پسران اکرام، اشرف، عبدالجبار پسران محمد صدیق اقوام ارئیں، عبدالستار ولد محمد صدیق، حبیب، رفیق، عتیق پسران عبدالغفور، عالیہ رحمٰن بیوہ سیف اللہ، فیاض حسین ولد عبدالغفور، قدرت اللہ خان، فیاض الحسن، سجاد حسین، رخسانہ عزیز، غزالہ یاسمین پسران و دختران عبدالعزیز قوم کھوکھر، مدثر افضل ولد محمد افضل، نذیر احمد، محمد حنیف، محمد رفیق پسران محمد بخش اقوام چیلہ سیال سکنائے موضع مگھیانہ چک جنوبی تحصیل و ضلع جھنگ مسئول علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست عنوان بالا میں بتاریخ 28-01-2025 عدالت زیر دستخطی حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل، ADLG صاحب تحصیل و ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3488 مورخہ 24-10-24 سال 2024ء۔ زیر دفعہ 6 مسلم عائلی قوانین مجریہ 1961۔ عنوان مقدمہ۔ ڈگری تنسیخ نکاح۔ فریق اول۔ روبینہ ممتاز دختر محمد اقبال ساکن بخاری سٹریٹ بتی چوک نزد مسجد اہلحدیث، تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔ فریق دوئم۔ محمد امین ولد حبیب اللہ ساکن چک نمبر 5، گ ب، ڈاکخانہ چک نمبر 5 کلاں، تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں فریق دوئم کو بذریعہ ڈاک نوٹس طلب کیا گیا تھا مگر آپ دفتر بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر نہ آئے ہیں۔ اب فریق دوئم کو بذریعہ اخبار اشتہار پابند کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 30-01-2025 کو بعدالت جناب چیئرمین ثالثی و مصالحتی کونسل ADLG صاحب، تحصیل و ضلع شیخوپورہ، حاضر ہو کر اپنا بیان قلمبند کروائیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی اور ڈگری کی توثیق کر دی جائیگی۔ بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

عدالت جناب سید عدنان مہدی صاحب سینئر سول جج چنیوٹ

دعویٰ حصول ڈگری تنسیخ نکاح بر بنائے خلع۔ صدف بی بی بنام محمد طاہر۔ اخبار اشتہار بنام۔ محمد طاہر ولد محمد قیس قوم ہشمیرہ ساکن رجوعہ چوک نزد دربار رنگ شاہ بخاری ہشتی شرقی تحصیل و ضلع چنیوٹ۔ یہ کہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا کہ آپ مقررہ تاریخ پیشی 2025/1/28 کو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر مقدمہ عنوان بالا کی پیروی کریں ورنہ آپ کے خلاف کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قبل وقبول نہ ہوگا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ: اسلامی تاریخ کا زریں باب

چراغِ راہ

محمد ریاض علیمی

mriazkhatri@hotmail.com

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ اسلامی تاریخ کے وہ درخشاں ستارے ہیں جنہوں نے اپنی مختصر خلافت میں عدل، انصاف، دین کی سربلندی اور اصلاحات کے ذریعے اسلامی معاشرے کو اس کی اصل روح میں ڈھالنے کی کوشش کی۔ آپ کا مکمل نام عمر بن عبدالعزیز بن مروان بن حکم ہے اور کنیت ابو حفص تھی۔ آپ کی والدہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی پوتی سیدہ اُمِّ عاصم بنتِ عاصم تھیں۔ یہ نسبی تعلق ہی آپ کے کردار، تقویٰ اور عدل وانصاف میں نمایاں جھلک دکھاتا ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی ابتدائی زندگی زہد و تقویٰ، عاجزی وانکساری اور علم وعمل کے اصولوں پر استوار ہوئی۔ آپ کی تربیت میں والدہ کا کردار اہم تھا جنہوں نے آپ کو بچپن ہی سے خوفِ خدا اور عدل و انصاف کی تعلیم دی۔ آپ نے علمی حلقوں سے گہرا تعلق رکھا اور اس وقت کے جید علماء سے فیض حاصل کیا جو بعد میں آپ کے حکومتی امور میں راہنما ثابت ہوئے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ جب خلافت کے منصب پر فائز ہوئے تو اس وقت امتِ مسلمہ اندرونی و بیرونی مسائل کا شکار تھی۔ حکمران طبقہ عیش وعشرت میں مبتلا تھا، مظلوموں کے حقوق پامال ہو رہے تھے اور اسلامی تعلیمات سے روگردانی عام تھی۔ اس پس منظر میں آپ نے خلافت کو نہ صرف اصلاحی بنیادوں پر استوار کیا بلکہ اسے عملی طور پر ایک مثالی حکومت میں بدل دیا۔ آپ نے خلافت سنبھالتے ہی سب سے پہلے شاہی شان و شوکت کو ترک کیا اور عام لوگوں کی طرح سادہ زندگی اختیار کی۔ بیت المال کی غیر منصفانہ تقسیم کو ختم کر کے تمام عوام کو ان کا حق پہنچانے کی کوشش کی۔ سرکاری عہدے داروں اور اُمراء کی جانب سے ناجائز طور پر قبضے کی گئی زمینیں اور جائیدادیں واپس کروائیں اور مظلوموں کو ان کے حقوق دلائے۔ آپ نے شاہی خاندان کو اس بات کا پابند بنایا کہ وہ عام مسلمانوں کی طرح زندگی بسر کریں اور بیت المال پر کسی قسم کا ناجائز حق نہ جتائیں۔ دعوتِ دین کے میدان میں آپ کی خدمات نمایاں ہیں۔ آپ نے اسلام کی دعوت کو عام کرنے کے لیے مختلف ممالک میں وفود بھیجے۔ چین، تبت اور دیگر دور دراز علاقوں میں اسلامی تعلیمات کو متعارف کروایا گیا جس کے نتیجے میں کئی غیر مسلم بادشاہوں اور راجاؤں نے اسلام قبول کیا۔ اس طرح آپ نے اسلام کو بین الاقوامی سطح پر ایک طاقتور اور عادل نظام کے طور پر پیش کیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی خلافت کے دوران عدل و انصاف کو ایسی مضبوط بنیادوں پر قائم کیا کہ معاشرتی اور معاشی حالات میں ایک انقلاب برپا ہو گیا۔ آپ کے دور میں زکوٰۃ کا نظام اتنا موثر ہو گیا کہ زکوٰۃ لینے والا کوئی مستحق تلاش کرنا بھی مشکل ہو گیا۔ بیت المال میں اتنی فراوانی آ گئی کہ لوگوں کے تمام مسائل حل ہو گئے اور غربت کا خاتمہ ہو گیا۔ آپ نے دینی امور کی اصلاح کے لیے بھی انقلابی اقدامات اٹھائے۔ آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کے ضائع ہونے کا خدشہ لاحق تھا، اس لیے آپ نے احادیث کو جمع کرنے کا حکم دیا۔ اس مقصد کے لیے آپ نے کئی محدثین اور علماء کو مامور کیا تاکہ احادیث کو محفوظ کیا جا سکے۔ یہ کارنامہ اسلامی تاریخ میں ایک اہم حیثیت رکھتا ہے نیز علم حدیث کو فروغ دینے میں آپ کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ آپ نے معاشرتی اصلاحات کے ضمن میں غیر شرعی امور کے خاتمے پر بھی بھرپور توجہ دی۔ شراب نوشی کے خاتمے کے لیے آپ نے سخت سزائیں مقرر کیں اور ذمیوں کو حکم دیا کہ وہ اسلامی شہروں میں شراب نہ لائیں۔ غیر مسلموں کے مذہبی تہواروں کے موقع پر مسلمانوں کو تحائف دینے سے بھی منع فرمایا تاکہ اسلامی تہذیب پر غیر اسلامی اثرات نہ پڑیں۔ آپ کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بے پناہ محبت تھی۔ آپ نے ان کی شان میں نازیبا الفاظ کہنے والوں کو سخت سزا دی۔ اس طرح آپ نے امت کو فرقہ واریت سے بچانے کی کوشش کی اور اتحاد و اتفاق کی فضا قائم کی۔ آپ کی فلاحی خدمات بھی مثالی تھیں۔ آپ نے غریبوں، مسکینوں، یتیموں اور معذوروں کی خدمت کیلئے مختلف منصوبے شروع کیے۔ لنگر خانے قائم کیے جہاں ضرورت مندوں کو کھانا فراہم کیا جاتا تھا۔ مسافروں کیلئے سرائے تعمیر کروائیں اور ان کی سواریوں کیلئے اصطبل بھی بنوائے۔ نابینا افراد اور فالج زدہ لوگوں کی خدمت کیلئے غلام مقرر کیے اور ان کے اخراجات بیت المال سے فراہم کیے۔ بچوں کیلئے وظائف مقرر کیے گئے تاکہ ان کی تعلیم اور پرورش کا بندوبست ہو سکے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو ان کی عاجزی اور تقویٰ تھا۔ آپ نے خلافت کو کبھی بھی ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہیں کیا۔ آپ ہمیشہ امت کی خدمت اور اللہ کی رضا کے لیے کوشاں رہے۔ آپ نے اپنے مختصر دورِ خلافت میں وہ اصلاحات کیں جنہوں نے اسلامی تاریخ میں عہدِ خلافتِ راشدہ کی یاد تازہ کر دی۔ آپ کی وفات 101ء ہجری میں ہوئی جس وقت آپ کی عمر 29 سال تھی۔ آپ کی رحلت اسلامی دنیا کے لیے ایک عظیم سانحہ تھی جس کا غم ہر طرف تھا۔ شام، مصر، عراق، ایران، حجاز اور دنیا کے مختلف حصوں میں جہاں بھی آپ کی وفات کی خبر پہنچی، وہاں سوگ کا سماں تھا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کی حکومت میں عدل و انصاف کی جو مثال قائم ہوئی، اس نے نہ صرف مسلمانوں کو متاثر کیا بلکہ عیسائیوں تک نے آپ کی وفات پر غم کا اظہار کیا۔ شاہ رومہ نے بھی اپنے تخت کو چھوڑ کر چٹائی پر بیٹھ کر زار و قطار روتے ہوئے کہا کہ ایک صالح مسلمان حکمران اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ آپ کو بجا طور پر "عمر ثانی" کہا جاتا ہے کیونکہ آپ کی خلافت میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عدل و انصاف اور زہد و تقویٰ کی جھلک نظر آتی ہے۔ بلا مبالغہ آپ کی خدمات، اصلاحات اور طرزِ حکومت اسلامی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔..........☆☆

ننکانہ صاحب مصروف بازار میں موبائل شاپ پر ڈکیتی

صبح 11 بجے ہی ڈاکو 10 لاکھ روپے مالیت کے ''آئی فون'' لے اڑے

ننکانہ صاحب (طاہر محمود سے) شہر کے مصروف ترین روڈ گورو بازار میں واقع گلستان موبائل موبائل فون شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی، ڈاکو تقریباً دس لاکھ کے آئی فون لے اڑے' تفصیلات کے شہر کے معروف علاقے میں واقع گلستان موبائل فون شاپ پر دن دیہاڑے ڈکیتی کی ایک سنگین واردات پیش آئی۔ دوکان دار کا کہنا تھا کہ دو مسلح ڈاکو صبح تقریباً گیارہ بج کر تیں منٹ کے وقت دکان میں داخل ہوئے اور اسلحے کے زور پر انتہائی منظم طریقے سے دکان کے شوکیسز سے قیمتی آئی فونز جن کی مالیت تقریباً دس لاکھ کے قریب ہے لے اڑے۔ واردات

بقیہ نمبر1

شب معراج رحمتوں و برکتوں والی رات ہے' صادق الامین

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) جامع مسجد فاروقیہ سرگودھا روڈ مسجد بلال چنیوٹ میں معراج النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیمینار کا انعقاد عظیم الشان اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پیر طریقت صادق الامین فیصل آباد بانی انٹرنیشنل قرآنی سنٹر یامین گوہر چنیوٹی، عفان خالد نے کہا کہ شب معراج رحمتوں برکتوں

بقیہ نمبر2

NOKIA
HMD
GULISTAN MOBILE

ننکانہ صاحب کے ڈاکٹر بازار میں دن دیہاڑے موبائل شاپ پر ڈکیتی کے بعد ملازمین دکان کے باہر کھڑے ہیں

سعودی نظام معیشت سے ترقی ہرگز ممکن نہیں' علامہ اکبر نقشبندی

قرآن وسنت کی تعلیمات کے بغیر اسلامی معاشرے کے قیام کا تصور ممکن نہیں

حکومت فوراً سودی سسٹم ختم کر کے اسلامی نظام معیشت نافذ کرے' سیمینار سے خطاب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ قرآن و سنت کی تعلیمات کے بغیر اسلامی معاشرے کے قیام کا تصور ممکن نہیں، سودی نظام معیشت کبھی بھی مسلمانوں کو ترقی کی راہ پر گامزن نہیں کر سکتا، حکومت فی الفور سودی نظام معیشت کا خاتمہ کر کے اسلامی نظام معیشت نافذ کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد سود سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈویژنل صدر الحاج سرفراز احمد تارڑ، پیر سید فدا حسین شاہ حافظ آبادی، نعمان صدیقی، حافظ عدیل عارف، علامہ عمر صدیقی اور دیگر نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ سودی قرضوں سے ملک میں بہتری نہیں آئے گی، سودی قرضے لینا اور سود پر مبنی نظام معیشت و بینکاری اللہ و رسول سے اعلان جنگ ہے، آئی ایم

بقیہ نمبر3

ق لیگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات وزارت مذہبی امور کے فوکل پرسن مقرر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک کو حکومت میں اہم ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ مصطفیٰ ملک کو وزارت اوورسیز پاکستانیز، ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ کا فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے، مصطفیٰ ملک وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کا فوکل پرسن بھی مقرر کیا گیا ہے۔ مصطفیٰ ملک مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ہیں، مصطفیٰ ملک وفاقی وزیر چودھری سالک کی وزارتوں میں بطور

بقیہ نمبر4

ننکانہ صاحب، ایس ایچ او صدر تھانہ پولیس تصور منیر گرفتار منشیات فروشوں کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

ننکانہ صاحب کی منشیات کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری

صدر پولیس نے 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا' 15 کلو سے زائد منشیات برآمد

گرفتار ملزمان میں ندیم عباس عرف لکھا، زمان عرف مانی، خاور اور مدثر شامل

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کی ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت ننکانہ پولیس کی منشیات فروشی کے خاتمہ کے لیے بھرپور کارروائیاں جاری۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کی ہدایت پر تھانہ صدر ننکانہ پولیس نے 4 منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزمان سے 15 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے گئے۔ گرفتار ملزمان میں ندیم عباس عرف لکھا، زمان عرف مانی، خاور اور مدثر شامل ہیں۔ ملزم زمان عرف مانی سے 11 کلو 120 گرام چرس برآمد کی گئی۔ ملزم مدثر علی سے 1560 گرام چرس برآمد کی گئی۔ ملزم خاور سے 1370 گرام جبکہ ملزم ندیم عباس عرف لکھا سے 1072 گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار ملزمان نے برآمد

بقیہ نمبر6

محکمہ زراعت کی سبزیات کی دیکھ بھال کیلئے ہدایات جاری

لاہور (پ ر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سبزیوں کے کاشتکار آبپاشی کا وقفہ کم کر دیں اور پانی کم مقدار میں لگائیں۔ چھوٹی نازک سبزیوں کو سردی سے بچانے کیلئے رات کے وقت پلاسٹک شیٹ سے ڈھانپ دیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار آلو کی فصل کا معائنہ کرتے رہیں۔ آلو کے پچھیتے جھلساؤ یا کسی بھی دوسری بیماری اور کیڑوں کے حملہ کی صورت میں محکمہ

بقیہ نمبر5

ضرورت کورٹ رپورٹرز

www.dailyqadamat.com ●●● E-mail:- dailyqadamat@gmail.com
Daily QADAMAT Lahore
روزنامہ قدامت لاہور
ایڈیٹر ایم گلزار مصطفائی

روزنامہ ''قدامت'' لاہور کو قصور، گوجرہ، کمالیہ، پیرمحل، حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، ظفر وال، نارووال، سرائے عالمگیر، خوشاب، کوٹ مومن، ساہیوال ضلع سرگودھا، جوہر آباد، پسرور، ڈسکہ، بھکر، جہلم، پنڈ دادنخان، خانیوال، میاں چنوں اور جنوبی پنجاب سے کوٹ رپورٹرز درکار ہیں۔

خواہش مند حضرات رابطہ کریں

ڈپٹی ایڈیٹر: زین ملک 0300-6975542

پیکا ترمیمی ایکٹ آزادی صحافت پر حملہ: قاری اعظم

ایکٹ آزاد صحافت پر پابندی کی شروعات' یہ ڈیجیٹل میڈیا تک محدود نہیں رہیگا

پیکا ایکٹ ترامیمی بل آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی کوشش ہے' خصوصی بیان

لاہور (پ ر) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ پیکا ترمیمی ایکٹ آزادی صحافت پر حملہ ہے، پیکا ترمیمی ایکٹ آزاد صحافت پر پابندی کی شروعات ہے یہ ڈیجیٹل میڈیا تک محدود نہیں رہیگا، پیکا ایکٹ ترامیمی بل آزادی صحافت پر قدغن لگانے کی آزاد اور جمہوری سوچ دفنانے کی کوشش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی،

بقیہ نمبر7

اقتدار کیلئے آئین اور جمہوریت کو پامال کیا جا رہا ہے: محمد حسین

پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان حامد رضا کے گھر پر چھاپہ حکومتی بوکھلاہٹ کا ثبوت

حامد رضا نے مشکل حالات میں خان کیساتھ کھڑے ہو کر وفاداری کی مثال قائم کی

لاہور (پ ر) پی ٹی آئی رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ اقتدار کیلئے آئین اور جمہوریت کو پامال کیا جا رہا ہے، پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کے ترجمان حامد رضا کے گھر پر چھاپے حکومتی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے، صاحبزادہ حامد رضا نے مشکل ترین حالات میں عمران خان کیساتھ کھڑے ہو کر وفاداری کی مثال قائم کی۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں عملاً سول مارشل لا نافذ ہے آئین قانون اور جمہوریت کو پامال کیا جا رہا ہے فارم 47 کی حکومت اقتدار کیلئے انسانی حقوق تک روند رہی ہے۔

چیف کلکٹر سے پی سی ایم ای اے کے وفد کی ملاقات

جزوی تیار خام مال کو جلد کلیئر، طورخم بارڈر پر گرین چینل سسٹم لگایا جائے' وفد

تاخیر سے طے شدہ معاہدوں کے مطابق ترسیل نہیں ہو رہی' وائس چیئرمین ریاض احمد

لاہور (کامرس ڈیسک) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد نے چیف کلکٹر کسٹمز پشاور خواجہ خرم نعیم اور کلکٹر متین عالم سے ملاقات کر کے طورخم بارڈر سے متعلقہ مسائل کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وائس چیئرمین ریاض احمد، مرکزی رہنما عثمان اشرف اور شاہد حسن شیخ نے ایف بی آر کے افسران کو پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کے جزوی تیار خام مال کی طورخم بارڈر کے راستے آمد میں درپیش رکاوٹوں اور اس کے نتیجے میں مختلف ممالک کو برآمدی آرڈرز کی ترسیل میں غیر معمولی تاخیر سے برآمدات پر پڑنے والے منفی اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے درخواست کی کہ طورخم کے راستے آنے والے جزوی تیار خام مال کو جلد سے جلد کلیئر کیا جائے تاکہ حتمی تیاری کے دیگر مراحل کے بعد برآمد کو یقینی بنایا جائے۔ وفد نے کہا کہ طورخم بارڈر پر گرین چینل نظام کا نفاذ کیا جائے تاکہ اس طرز کی رکاوٹیں دور ہو سکیں۔ چیف کلکٹر خواجہ خرم نعیم نے پی

بقیہ نمبر9

چیف کلکٹر کسٹمز پشاور خواجہ خرم نعیم کلکٹر متین عالم کا پی سی ایم ای اے کے وائس چیئرمین ریاض احمد، مرکزی رہنما عثمان اشرف، شاہد حسن شیخ کیساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

شورکوٹ کینٹ میں تجاوزات، ٹریفک جام معمول' انتظامیہ خاموش

ہوٹل اور دکانداروں کی من موجیں، کوئی پرسان حال نہیں' حالات ابتر

افضل روڈ پر ناجائز رکشہ سٹینڈ بھی قائم' فوری نوٹس لیا جائے' اہل علاقہ کا مطالبہ

شورکوٹ (بیورو رپورٹ) شورکوٹ کینٹ رفیقی چوک سے لے کر اسٹیشن چوک تک دوکانداروں نے فٹ پاتھ پر فینسی اینٹیں لگا کر قبضہ کیا ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ اپنی دکان کے سامنے والی سڑک کی جگہ ریڑھی والوں کو 12 سے 15 ہزار ماہانہ کرایہ الگ سے وصول کرتے ہیں افضل روڈ ناجائز رکشہ اڈا جہاں گھنٹوں ٹریفک بند رہتی ہے۔ منڈی روڈ افضل روڈ باٹا مارکیٹ پاکی سٹیڈیم کے باہر سڑک پر جگہ جگہ ریڑھی اور دکانیں لگی ہیں اس کا کرایہ دوکاندار وصول کرتے ہیں عوام کے پیدل چلنے کیلئے بنایا فٹ پاتھ اب دوکانداروں کی ملکیت ہے ڈیوٹی پر مامور کینٹ بورڈ کے اہلکار کسی دوکان یا ہوٹل میں چائے پیتے فروٹ کھاتے نظر آتے ہیں فرضی کاروائی کر کے وقتی

بقیہ نمبر11

عوام بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم دیکھنا چاہتی ہے، جمیل ضیاء

پیپلز پارٹی نے جمہوریت کی بقا اور عوامی خدمت کو ہمیشہ ترجیح دی، سینئر رہنما کا بیان

کراچی (کائی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ویسٹ کراچی کے جنرل سیکرٹری اور اورنگی ٹاؤن کے چیئرمین حاجی جمیل ضیاء نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کی بقا اور عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی قیادت، خصوصاً بلاول بھٹو زرداری کی ولولہ انگیز قیادت میں، ملک بھر کے عوام انہیں اپنا وزیراعظم دیکھنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ انہوں نے کراچی میں پیپلز پارٹی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہر کی ترقی کے لیے پارٹی نے ہمیشہ دل کھول کر کام کیا ہے اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی بھرپور کوشش

بقیہ نمبر12

ننکانہ صاحب، ایم پی اے رانا ارشد ایجوکیشن آفیسرز کے ہمراہ نئی تعینات ہونے والی سی ای او ایجوکیشن شازیہ بانو کو پھول پیش کر رہے ہیں

شازیہ بانو نے سی ای او ایجوکیشن ننکانہ کا چارج سنبھال لیا

معیاری تعلیم اور نظام میں مزید بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کے عزم کا اظہار

ایم پی اے رانا ارشد و ایجوکیشن آفیسرز نے شازیہ بانو کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) ننکانہ صاحب میں تعینات ہونے والی سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی شازیہ بانو نے عہدے کا چارج سنبھال لیا، معیار تعلیم اور نظام میں مزید بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کرنے کے عزم کا اظہار رکن پنجاب اسمبلی رانا ارشد کی نئی سی ای او ایجوکیشن کو مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار، نئی تعینات ہونے والی سی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ننکانہ صاحب شازیہ بانو نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا، دفتر آمد پر تبدیل ہونے والے سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر قیوم خان نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز میاں

بقیہ نمبر15

ہمارے مجرم
وقار خان / عمار خان
پاک عرب سوسائٹی فیز - متاثرین

لاہور: نجی سوسائٹی کے متاثرین اپنے مطالبات کیلئے احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

بہاریہ سورج مکھی کی بہتر پیداوار کیلئے آبپاشی کا شیڈول جاری

لاہور (پ ر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سورج مکھی کی بہاریہ فصل کے کاشتکار بروقت اور مناسب آبپاشی کو یقینی بنائیں تاکہ فصل کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور تیل کے معیار میں بہتری ممکن ہو سکے۔ سورج مکھی کی فصل کے لیے آبپاشی کے اہم مراحل کے موقع پر خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے، جن میں بیجوں کے اگاؤ، پھول نکلنے اور بیج بننے کے مرحلے شامل ہیں۔ ان اہم مراحل میں پانی کی کمی

بقیہ نمبر17

کنٹری گروپ آف کالجز کا ونٹر فیسٹول 30 جنوری کو شروع ہو گا

ننکانہ صاحب (بیورو چیف) کنٹری گروپ آف کالجز کے زیر اہتمام ونٹر فیسٹول 30 جنوری کو شروع ہو گا، ڈائریکٹر کنٹری گروپ آف کالجز مہر احمد علی پڈھیار نے بتایا کہ کنٹری کالج ہیڈ بلوکی روڈ موڑ کھنڈا کیمپس میں دو روز تک جاری رہنے والے ونٹر فیسٹول 2025 میں 30 جنوری کا دن خواتین جبکہ 31 جنوری کو مرد حضرات شرکت کریں گے، انہوں نے بتایا کہ ونٹر فیسٹول میں کنٹری گروپ آف

بقیہ نمبر18

محبوب علی خان
0300-9610182
زرعی سنٹر
امریکن پیسٹ کنٹرول
گھریلو و زرعی ادویات کا مرکز
ہر قسم کے بیج و کھاد بھی دستیاب ہے
پودوں کی بیماریوں کی روک تھام اور دیمک کے خاتمے کیلئے بھی رابطہ کریں
قینچی سٹاپ بالمقابل PEL فیکٹری فیروز پور روڈ لاہور

چنیوٹ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد جامعہ مسجد گلزارِ مدینہ میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

قوم کو عمران خان فیملی کی قربانی کا ادراک ہے: مسرت چیمہ

وقت دُور نہیں جب منصوبہ ساز اور انکے سہولت کاروں کے چہروں سے نقاب اُترے گا

کس کی فرمائش پر بشری بی بی کو زیر عتاب رکھا گیا یہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں' بیان

لاہور (خصوصی رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان ملک میں آئین و قانون کی بالا دستی اور قوم کے تابناک مستقبل کیلئے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں اور ان کی قربانی ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی، بشری بی بی جس جرات و بہادری کے ساتھ جیل کاٹ رہی ہیں اس سے سیاسی مخالفین کے عمران خان کو دباؤ میں لانے کے سارے منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ کس کی فرمائش پر بشری بی بی کو زیر عتاب رکھا گیا یہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں وہ وقت دور نہیں جب منصوبہ ساز اور ان کے سہولت کاروں کے چہروں سے نقاب اترے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان تو قوم کیلئے جدوجہد کر ہی رہے تھے ان کے خاندان نے بھی بڑی قربانی دی

بقیہ نمبر23

ملکی معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں' اشرف بھٹی

وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پوری حکومتی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے' تاجر رہنما

آل پاکستان انجمن تاجران کا مذاکرات کے عمل میں بداعتمادی کی فضاء پر اظہار تشویش

لاہور (پ ر) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے عمل میں بد اعتمادی کی فضاء پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک دونوں طرف سے بیان بازی پر پابندی عائد نہیں ہو گی مذاکرات کا مثبت نتیجہ نہیں نکلے گا، معاشی اشاریے بہتری کی جانب گامزن ہیں جس کے تسلسل کیلئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ پاکستان کا ڈیفالٹ کے خطرے سے

بقیہ نمبر22

پالیسی ریٹ میں کمی سے معیشت کو گروتھ ملے گی: خادم حسین

نجی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافے سے معیشت کو تقویت ملے گی

لاہور (کامرس ڈیسک) ڈائریکٹر پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی، سینئر نائب صدر فیروز پور بورڈ اور سابقہ ایگزیکٹو ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے نجی شعبے کو دیئے جانے والے قرضوں میں اضافے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 815 فیصد کا نمایاں اضافے سے یقینی طور پر معیشت کو تحرک ملے گا، نجی شعبے کے قرض میں نمایاں اضافے کے پیچھے پالیسی ریٹ میں کمی سب سے اہم عنصر ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بینکوں کو چاہیے کہ مختلف طرز کے قرضوں میں کاروباروں کے لئے جاری کئے جانے والے قرضوں کو ترجیح دی جائے جس سے نہ صرف ہماری معیشت ترقی کرے گی بلکہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

بقیہ نمبر21

سب انسپکٹر انجم رضوان چیمہ کیلئے آئی جی پی گیلینٹری بہادری میڈل کا اعزاز

ننکانہ صاحب (طاہر محمود) پولیس کے بہادر جوان انجم رضوان چیمہ کو آئی جی پنجاب کی طرف سے آئی جی پی بہادری ایوارڈ دیا گیا، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سب انسپکٹر انجم رضوان چیمہ کو دہشت گردوں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف بہادری سے لڑنے اور غیر معمولی جواں مردی کا مظاہرہ کرنے پر اپنے دفتر میں آئی جی پی گیلینٹری بہادری میڈل سے

بقیہ نمبر8

صدر اپیوا پنجاب نذیر احمد چودھری کی ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کے تمام ملازمین اور یونین ممبران کو مبارکباد

جھنگ (بیورو رپورٹ) صدر اپیوا پنجاب (R) نذیر احمد چوہدری نے کہا کہ پنجاب حکومت نے رولز آف بزنس 2011 میں ضروری ترامیم کر کے ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل اداروں اور کمپنیز کو نئے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ "سکلز ڈویلپمنٹ اینڈ انٹر پرینور شپ ڈیپارٹمنٹ"" کے نام سے درج ذیل اداروں کو یکجا کر دیا گیا جن میں پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل، پنجاب ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی، پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی، پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ، محکمہ زکوۃ و عشر ختم کر دیا گیا

بقیہ نمبر10

شاہد میڈیکل سٹور

شورکوٹ کینٹ میں دکانداروں نے سامان فٹ پاتھ پر رکھ کر تجاوزات قائم کر رکھی ہیں

آواز پریس کلب جلالپور بھٹیاں کے ماہانہ اجلاس کا انعقاد

سابقہ چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد تنزیل الرحمان بٹ بھی شریک

شرکاء کا مظلوموں کی آواز اعلیٰ ایوانوں تک پہنچانے کیلئے بھرپور عزم کا اعادہ

جلالپور بھٹیاں (نامہ نگار رائے شاہد عمران) آواز پریس کلب جلالپور بھٹیاں کی ماہانہ میٹنگ آواز پریس کلب کے آفس میں منعقد کی گئی جس میں سابقہ چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد تنزیل الرحمان بٹ حافظ حسنین بٹ نے خصوصی شرکت کی مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا گیا پھولوں کی پتیاں نچھاور کرتے ہوئے آواز پریس کلب کے آفس میں لایا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تنزیل الرحمان بٹ نے کہا کہ آواز پریس کلب میرا اپنا گھر ہے آپ دوستوں سے ملکر دلی سکون ملتا ہے آواز پریس کلب جلالپور بھٹیاں حقیقی معنوں میں عوامی پریس کلب ہے جو مظلوم کی آواز کو اعلیٰ ایوانوں تک پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے تقریب میں سرپرست اعلیٰ آواز پریس کلب چوہدری لیاقت علی مغل چیئرمین آواز پریس کلب جلالپور بھٹیاں یاسین آرائیں وائس چیئرمین مہر عنصر حیات آرائیں صدر چوہدری اسامہ اظہر سیال نائب صدر رائے شاہد عمران کھرل جنرل سیکرٹری بلال حسن مغل ایڈیشنل سیکرٹری رفاقت علی فنانس سیکرٹری فیصل شبیر آرائیں انفارمیشن سیکرٹری رائے شاہد عمران آفس سیکرٹری محمد ابوزر اور محمد عثمان سمیت تمام

بقیہ نمبر20

آواز پریس کلب

پاکستانی مصنوعات کی عالمی سطح پر تشہیر کیلئے حکومتی سرپرستی میں پلیٹ فارم ہونا چاہئے: نجم مزاری



لاہور (نیوز ڈیسک) انٹرپرینیور و چیئرمین چلتن پیور پاکستان نجم مزاری نے کہا ہے کہ پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کیلئے ویلیو ایڈیشن کے ساتھ موثر تشہیر ناگزیر ہے، حکومت کی جانب سے ایس ایم ایز پر توجہ مرکوز کرنا خوش آئند ہے تاہم حقیقی کامیابی تب ملے گی جب ہماری چھوٹی صنعتیں بھی اعلیٰ معیار کی مصنوعات کی تیاری کے بعد انہیں برآمد کریں گی، پاکستان کے بہت سے برانڈز دنیا کی مارکیٹوں میں جگہ بنا سکتے ہیں، جس کیلئے حکومت کو

بقیہ نمبر13

گجرات میں گیس لیکج کی وجہ سے دم گھٹنے سے نئی نویلی دلہن جاں بحق

گجرات (بیورو رپورٹ) گجرات میں گیس لیکج کے باعث دم گھٹنے سے نئی نویلی دلہن جاں بحق ہو گئی جبکہ دلہا ہسپتال میں زیر علاج ہے۔ 30 سالہ زمیندار ارسلان رفیق گزشتہ روز 23 سالہ ظل ہما کو بیاہ کر لایا تھا، ولیمہ کے روز نو بیاہتا جوڑا کئی گھنٹے گزرنے کے بعد کمرے سے نہ نکلا، جس پر اہل خانہ

بقیہ نمبر14

چنیوٹ: چھ منشیات فروش گرفتار، 29 سوگرام چرس و شراب برآمد

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنائیں گے' ڈی پی او عبداللہ احمد

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف پولیس کا کریک ڈاؤن جاری رہے گا' میڈیا کو جاری بیان

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چھ منشیات فروش گرفتار 29 سوگرام چرس و شراب برآمد وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایس ایچ او سٹی ملک اسد عباس نے ہمراہی ٹیم پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے چودہ سوگرام چرس و شراب برآمد کی تھانہ صدر پولیس نے کوٹ خدا یار سے ملزم تنویر کو گرفتار کر کے پندرہ سوگرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کیا علاوہ ازیں چنیوٹ پولیس نے لاکھوں روپے کے موبائل فون ٹریس کیے ڈی پی او عبداللہ احمد نے اپنے دفتر میں 20 سے زائد شہریوں کے ٹریس موبائل ان کے حوالے کیے اور کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنا پولیس کی اہم ذمہ داری ہے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

لاہور میں دو سالہ بچہ اغوا کے بعد قتل، سگی ماں ملوث نکلی

لاہور (کرائم سیل) لاہور میں 2 سالہ بچے کو اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا، سگی ماں بیٹے کے قتل میں ملوث نکلی، پولیس نے خاتون کو آشنا سمیت گرفتار کر لیا، ملزمان کی نشاندہی پر جلی ہوئی لاش برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق 2 سالہ بچے کو رائے ونڈ سے اغوا کیا گیا، سفاک ملزم نے قتل کر کے لاش جلا دی، تفتیش پر سگی ماں ہی واردات کی منصوبہ ساز نکلی، جس نے آشنا سے بچے کو اغوا کروا کے قتل کرایا۔ رپورٹ کے مطابق دو سالہ اذلان 23 جنوری کو اغوا کیا گیا تھا، پولیس نے مشکوک بیانات پر مغوی کی ماں کا

بقیہ نمبر16

کارپوریٹ چیلنج کپ، نیٹ سول، جاز، نوامیڈ اور ایف بی آر کی فتح

زمین ڈاٹ کام، یو بی سپورٹس، نوامیڈ، مونڈے گروپ کی ٹیموں کو شکست کا سامنا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے سلسلہ میں کھیلے گئے راؤنڈ میچز میں نیٹ سول، جاز، نوامیڈ اور ایف بی آر کی ٹیموں نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ علی گڑھ کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے پہلے میں میچ میں نیٹ سول نے کامیابی حاصل کی۔ نیٹ سول کی ٹیم نے 4 کھلاڑیوں کے نقصان پر 174 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں میدان میں اترنے والی زمین ڈاٹ کام 9 وکٹیں گنوا کر 141 رنز بنا سکی۔ اسی گراؤنڈ میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں جاز اور یو بی سپورٹس کی ٹیمیں مد مقابل آئیں جس میں جاز نے کامیابی سمیٹی۔ جاز کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 200 کا ہندسہ جوڑا جبکہ یو بی سپورٹس کی ٹیم

بقیہ نمبر19

لاہور کے نواب ٹاؤن سے لاپتہ خاتون وکیل کی لاش برآمد

لاہور (کرائم سیل) لاہور کے علاقے نواب ٹاؤن سے لاپتہ خاتون وکیل کی لاش ملی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ خاتون وکیل کی لاش حافظ آباد نہر سے ملی ہے، خاتون وکیل کے لاپتہ ہونے کی ایف آئی آر تھانہ نواب ٹاؤن میں درج ہے، خاتون وکیل کی کچھ عرصہ پہلے شادی ہوئی تھی۔

NETSOL
ZAMEEN.com

لاہور، کارپوریٹ چیلنج کپ کے راؤنڈ میچ سے قبل زمین ڈاٹ کام اور نیٹ سول کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

پبلشر ایم گلزار نے فاسٹ میڈیا پرنٹرز سے چھپوا کر فورتھ فلور خلیج ٹاور 38 اے جیل روڈ لاہور سے شائع کیا' جوائنٹ ایڈیٹر: محبوب اے خان' ریذیڈنٹ ایڈیٹر جھنگ یوسف رضا بھٹی' ڈپٹی ایڈیٹر زین ملک' سینئر ایڈیٹر: ایم فہیم اکرم' ایڈیٹر انویسٹی گیشن: میاں مشتاق